فرمایا تھا اپنے احرام کھول دو اور بیت اللہ کا اور صفا اور مروہ کے درمیان طواف کرو اور بال کٹواؤ اور احرام کھولے رکھو یہانتک کہ جب یوم ترویہ آئے تو حج کا احرام باندھ لو اور تم جو ارادہ کرکے آئے تھے اسے (حج) تمتع بنادو۔ انہوں نے کہا ہم اسے کیسے (حج) تمتع بنائیں گے حالانکہ ہم نے ارادہ حج (مفرد) کا کیا تھا؟ آپؐ نے فرمایا تم وہی کرو جس کا میں تمہیں حکم دیتا ہوں اگر میں اپنے ساتھ قربانی نہ لایا ہوتا تو میں بھی وہی کرتا جس کا تمہیں حکم دیا ہے۔ لیکن میرا احرام کھل نہیں سکتا یہانتک کہ قربانی اپنی جگہ پر پہنچ جائے۔ پس انہوں نے ویسا ہی کیا۔

2120{144} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ رِبْعِيٍّ الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الْمُغِيرَةُ بْنُ سَلَمَةَ الْمَخْزُومِيُّ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ

**2120**: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کا احرام باندھ کر آئے تو رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ارشاد فرمایا کہ ہم اسے عمرہ بنالیں اور احرام کھول

---

**2120: اطراف: مسلم** كتاب الحج باب بيان وجوه الاحرام وانه يجوز افراد الحج...... 2115، 2116، 2117 ، 2118، 2119 باب فى المتعة بالحج والعمرة2121 ،2122

**تخريج: بخارى** كتاب الحج باب الحج على الرحل 1516 باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1568باب تقضى الحائض المناسک كلها الا الطواف بالبيت... 1651 باب عمرة التنعيم 1785 باب تقضى الحائض المناسک كلها الاالطواف بالبيت... 1651كتاب الشركة باب الاشتراک فى الهدى والبدن ...2505، 2506 كتاب الغازى باب بعث على ابن ابى طالب وخالد بن وليدؓ الى اليمن قبل حجة والوداع 4352، 4353 ، 4354 كتاب التمنى باب قول النبىؐ لواستقبلت من امرى مااستدبرت ...7230 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب نهى النبىؐ على التحريم الاما تعرف اباحته... 7367 **نسائى** كتاب مناسک الحج الكراهية فى الثياب المصبغة للمحرم 2712 الحج بغير نية يقصده المحرم 2743، 2744، 2745 فى المهلة بالعمرة تحيض وتخاف فوت الحج 2763 2764اباحة فسخ الحج بالعمرة لمن لم يسق الهدى 2805كيف يفعل من اهل بالحج والعمرة ولم يسق الهدى 2931 **ابو داؤد** كتاب المناسک باب فى افراد الحج1778، 1782، 1783،1785 ،1787، 1788،1789 باب صفة حج النبىؐ 1905**ابن ماجه** كتاب المناسک باب فسخ الحج 2980،2981 ،2982 ، 2983 باب حجة رسول الله ﷺ 3074

عَبْد اللَّه رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ أَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً وَنَحِلَّ قَالَ وَكَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً [2946]

دیں۔راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ قربانی تھی اس لئے آپؐ اسے عمرہ نہ بنا سکے۔

## [18]18:بَاب فِي الْمُتْعَةِ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

## باب:حج کے ساتھ عمرے کا فائدہ اٹھانا (یعنی حج تمتع)

2121{145} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَأْمُرُ بِالْمُتْعَةِ وَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَنْهَى عَنْهَا قَالَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ عَلَى يَدَيَّ دَارَ الْحَدِيثُ تَمَتَّعْنَا مَعَ

**2121:** ابونضرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت ابن عباسؓ (حج) تمتع کی اجازت دیتے تھے اور حضرت ابن زبیرؓ اس سے منع کرتے تھے۔ راوی کہتے ہیں میں نے یہ بات حضرت جابر بن عبداللہؓ کے پاس بیان کی۔ انہوں نے کہا یہ روایت میرے ہاتھوں عام ہوئی ہے۔ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (حج) تمتع کیا۔ پس جب حضرت عمرؓ کا زمانہ آیا

---

**2121 :اطراف :مسلم** كتاب الحج باب بيان وجوه الاحرام وانه يجوز افراد الحج...... 2115، 2116، 2117، 2118 2119 باب فى المتعة بالحج والعمرة 2122

**تخريج: بخارى** كتاب الحج باب الحج على الرحل 1516 باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1568باب تقضى الحائض المناسک كلها الا الطواف بالبيت... 1651 باب عمرة التنعيم 1785 باب تقضى الحائض المناسک كلها الاالطواف بالبيت... 1651 كتاب الشركة باب الاشتراک فى الهدى والبدن ...2505، 2506 كتاب الغازى باب بعث على ابن ابى طالب وخالد بن وليدؓ الى اليمن قبل حجة الوداع 4352، 4353 ، 4354 كتاب التمنى باب قول النبیؐ لواستقبلت من امرى مااستدبرت ...7230 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب نهى النبیؐ على التحريم الاما تعرف اباحته... 7367 **نسائى** كتاب مناسک الحج الكراهية فى الثياب المصبغة للمحرم 2712 الحج بغير نية يقصده المحرم 2743، 2744، 2745 فى المهلة بالعمرة تحيض وتخاف فوت الحج 2763 2764اباحة فسخ الحج بالعمرة لمن لم يسق الهدى 2805كيف يفعل من اهل بالحج والعمرة ولم يسق الهدى 2931 **ابو داؤد** كتاب المناسک باب فى افراد الحج1778، 1782، 1783،1785 ،1787، 1788،1789 باب صفة حج النبیؐ 1905**ابن ماجه** كتاب المناسک باب فسخ الحج 2980،2981، 2982 ، 2983 باب حجة رسول الله ﷺ 3074

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَامَ عُمَرُ قَالَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ يُحِلُّ لِرَسُولِهِ مَا شَاءَ بِمَا شَاءَ وَإِنَّ الْقُرْآنَ قَدْ نَزَلَ مَنَازِلَهُ فَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ كَمَا أَمَرَكُمْ اللَّهُ وَأَبِتُّوا نِكَاحَ هَذِهِ النِّسَاءِ فَلَنْ أُوتَى بِرَجُلٍ نَكَحَ امْرَأَةً إِلَى أَجَلٍ إِلَّا رَجَمْتُهُ بِالْحِجَارَةِ و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ فَافْصِلُوا حَجَّكُمْ مِنْ عُمْرَتِكُمْ فَإِنَّهُ أَتَمُّ لِحَجِّكُمْ وَأَتَمُّ لِعُمْرَتِكُمْ [2948,2947]

تو انہوں نے کہا یقیناً اللہ تعالیٰ جو چاہتا تھا اور جیسے چاہتا تھا اپنے رسولؐ کے لئے جائز قرار دیتا تھا اور یقیناً قرآن کا نزول مکمل ہو چکا ہے۔ پس تم حج اور عمرہ کو اللہ کی خاطر پورا کرو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو حکم دیا ہے اور ان عورتوں سے دائمی نکاح کیا کرو۔ پس ہرگز کوئی شخص میرے پاس نہیں لایا جائے گا جس نے کسی عورت سے وقتی نکاح کیا ہوا ہو مگر میں اسے سنگسار کردوں گا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ تم اپنے حج کو اپنے عمرہ سے جدا کرو کیونکہ یہ تمہارے حج کو زیادہ مکمل کرنے کا ذریعہ ہے اور تمہارے عمرہ کو زیادہ مکمل کرنے والا ہے۔

**2122** {146} و حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ وَأَبُو الرَّبِيعِ وَقُتَيْبَةُ جَمِيعًا عَنْ حَمَّادٍ قَالَ خَلَفٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَقُولُ لَبَّيْكَ بِالْحَجِّ فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً [2949]

**2122:** حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آئے اور ہم حج کے لئے لبیک کہہ رہے تھے۔ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ ہم اسے عمرہ بنا دیں۔

---

**2122: اطراف:** مسلم کتاب الحج باب بیان وجوه الاحرام وانه یجوز افراد الحج ...2115، 2116، 2117، 2118، 2119 باب فی المتعة بالحج والعمرة 2121

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب الحج علی الرحل 1516 باب التمتع والقران والافراد الحج ... 1568 باب تقضی الحائض المناسک کلها الا الطواف بالبیت ...1651 باب عمرة التنعیم 1785 **نسائی** مناسک الحج الکراهیة فی الثیاب المصبغة للمحرم 2712 فی المهلة بالعمرة تحیض وتخاف فوت الحج 2763 اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم یسق الهدی 2805 الوقت الذی وافی فیه النبی ﷺ مکة 2878 **ابوداود** کتاب المناسک باب فی افراد الحج 1788، 1789 باب صفة حج النبی ﷺ 1905 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب فسخ الحج 2980، 2982 باب حجة رسول الله ﷺ 3074

# [19]19:بَاب حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## نبی ﷺ کے حج کا بیان

2123{147}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنْ حَاتِمٍ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَعِيلَ الْمَدَنِيُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ فَسَأَلَ عَنِ الْقَوْمِ حَتَّى انْتَهَى إِلَيَّ فَقُلْتُ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ فَأَهْوَى بِيَدِهِ إِلَى رَأْسِي فَنَزَعَ

**2123**: جعفر بن محمد اپنے والدؒ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت جابر بن عبداللہؓ کے پاس آئے۔ انہوں نے (ہم) لوگوں سے دریافت کیا یہانتک کہ مجھ تک پہنچے۔ میں نے کہا میں محمد بن علی بن حسین ہوں۔ انہوں نے اپنا ہاتھ میرے سر کی طرف جھکایا اور میرا اوپر کا بٹن کھولا پھر میرا نچلا بٹن کھولا۔ پھر اپنی ہتھیلی میرے سینہ پر رکھی۔ میں اس وقت نوجوان لڑکا

---

2123 :**اطراف**:**مسلم** كتاب الحج باب بيان وجوه الاحرام وانه يجوز افراد الحج والتمتع والقران2117 ،2118 ، 2119 2120، 2122، 2124 ، 2125 باب فضل العمرة فى رمضان 2201،2202 باب استحباب تقديم دفع الضعفة من النساء وغيرهن من مزدلفة الى منى فى اواخر السيل ... 2275

**تخريج**: **بخاری** كتاب الحج باب قول الله تعالىٰ ياتوک رجالًا وعلى كل ضامرٍ يأتين من كل فج عميق ..1514 ، 1515باب الحج على الرحل1516، 1517 ، 1518 باب ذات عرق لأهل العراق1532 باب الاِهلال عند مسجد ذى الحليفة1541 باب من اهل فى زمن النبیؐ كاهلال النبى ﷺ1557، 1558 ، 1559 باب قول الله تعالىٰ الحج اشهر معلومات ... 1560باب التمتع والقران والافراد بالحج ... 1568 باب قول الله تعالىٰ ذلک لمن يكن اهله حاضرى ...1572 باب عمرة التنعيم 1785باباب الاعتمار بعد الحج بغير هديٍ 1786 **ترمذی** كتاب الحج باب ما جاء من اى موضع احرم النبیؐ 817 باب ما جاء كيف الطواف 856 باب ما جاء فى الرمل من الحجر الى الجمر 857 باب ماجاء انه يبدأ بالصفا قبل المروة 862 باب ماجاء ما يُقرءُ فى ركعتى الطواف 869 ، 870 باب ماجاء فى الافاضة من عرفات 896 باب ما جاء ان الجمار التى يُرى بها مثل حصى الخذف897 كتاب المناقب باب مناقب اهل بيت النبى ﷺ 3786 **نسائی** كتاب الطهارة باب ما تفعل المحرمة اذا حاضت 290 باب ما تفعل النفساء عندالاحرام 291 باب اغتسال النفساء عندالاحرام 429 كتاب الغسل والتيمم باب اغتسال النفساء عندالاحرام 429 كتاب المواقيت الجمع بين الظهر والعصر بعرفة 604 مناسک الحج الكراهية فى الثياب المصبغة للمحرم 2712 العمل فى الاهلال 2756 اهلال النفساء2761 ، 2762 الوقت الذى وافى فيه النبى ﷺ2872 كيف يطوف اول ما يقدم ؟..2939 الرمل من الحجر الى الحجر 2944 الامر بالسكينة فى الافاضة من عرفة 3020 3021 ، 3022 باب الايضاع فى وادى محسر3053 ، 3054 باب المكان الذى تُرى منه جمرة العقبة3074 3075 باب عدد الحصى التى يرمى بها الجمار3076 باب التكبير مع كل حصاة3079 كتاب الضحايا ذبح الرجل غير اضحيته 4419 **ابوداود** كتاب المناسک باب فى افراد الحج 1787 ، 1788 ، 1789 باب كيف التلبية 1812 باب التعجيل من جمعٍ 1944 باب صفة حج النبیؐ 1905، 1906، 1907 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب النفساء والحائض تهل بالحج2911، 2912 ، 2913 باب التلبية2918 2919 باب الرمل حول البيت 2950 ،2951 باب الركعتين بعد الطواف2960 باب الافراد بالحج 2966 باب فسخ الحج2980 2981 ، 2982 ، 2983 باب الوقوف بجمع 3023 باب قدر حصى الرمى3028 بقية أبوداود كتاب المناسک باب فى هدى البقر 1750باب فى وقت الاحرام 1770 بقية ابن ماجه كتاب المناسک باب العمرة من التنعيم 3000 باب حجة رسول الله ﷺ 3074 كتاب الاضاحى باب عن كم تجزئ البدنة البقرة 3135 باب الاكل من لحوم الضحايا3158

زِرِّي الْأَعْلَى ثُمَّ نَزَعَ زِرِّي الْأَسْفَلَ ثُمَّ وَضَعَ كَفَّهُ بَيْنَ ثَدْيَيَّ وَأَنَا يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ شَابٌّ فَقَالَ مَرْحَبًا بِكَ يَا ابْنَ أَخِي سَلْ عَمَّا شِئْتَ فَسَأَلْتُهُ وَهُوَ أَعْمَى وَحَضَرَ وَقْتُ الصَّلَاةِ فَقَامَ فِي نِسَاجَةٍ مُلْتَحِفًا بِهَا كُلَّمَا وَضَعَهَا عَلَى مَنْكِبِهِ رَجَعَ طَرَفَاهَا إِلَيْهِ مِنْ صِغَرِهَا وَرِدَاؤُهُ إِلَى جَنْبِهِ عَلَى الْمِشْجَبِ فَصَلَّى بِنَا فَقُلْتُ أَخْبِرْنِي عَنْ حَجَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بِيَدِهِ فَعَقَدَ تِسْعًا فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ تِسْعَ سِنِينَ لَمْ يَحُجَّ ثُمَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ فِي الْعَاشِرَةِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجٌّ فَقَدِمَ الْمَدِينَةَ بَشَرٌ كَثِيرٌ كُلُّهُمْ يَلْتَمِسُ أَنْ يَأْتَمَّ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَعْمَلَ مِثْلَ عَمَلِهِ فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتَّى أَتَيْنَا ذَا الْحُلَيْفَةِ فَوَلَدَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي بَكْرٍ فَأَرْسَلَتْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَصْنَعُ قَالَ اغْتَسِلِي وَاسْتَثْفِرِي بِثَوْبٍ وَأَحْرِمِي فَصَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتَّى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ عَلَى الْبَيْدَاءِ نَظَرْتُ إِلَى مَدِّ بَصَرِي بَيْنَ

تھا۔ انہوں نے کہا اے میرے بھتیجے آپ کو خوش آمدید۔ جو چاہو پوچھو تو میں نے اُن سے کچھ باتیں پوچھیں۔ وہ نابینا تھے اور نماز کا وقت ہو گیا۔ وہ اپنی بُنی ہوئی چادر اوڑھ کر کھڑے ہو گئے۔ جب بھی وہ اُسے اپنے کندھوں پر ڈالتے اس کے چھوٹا ہونے کی وجہ سے اس کے دونوں کنارے آپ کی طرف لوٹ آتے اور ان کی (بڑی) چادر اُن کے پہلو میں کھونٹی پر تھی۔ انہوں نے ہمیں نماز پڑھائی۔ میں نے کہا مجھے رسول اللہ ﷺ کے حج کے بارہ میں بتائیں۔ انہوں نے اپنے ہاتھ کے اشارے سے نو تک گِنا پھر کہا رسول اللہ ﷺ نو سال رہے اور حج نہیں کیا۔ پھر دسویں سال لوگوں میں اعلان کیا کہ رسول اللہ ﷺ حج کرنے والے ہیں۔ مدینہ میں بہت لوگ آئے۔ سب اس جستجو میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ کی پیروی کریں اور آپؐ کے عمل کے مطابق عمل کریں۔ ہم آپؐ کے ساتھ نکلے یہاں تک کہ ہم ذوالحلیفہ پہنچے تو حضرت اسماء بنتِ عمیسؓ نے محمد بن ابی بکر کو جنم دیا اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو پیغام بھیجا کہ میں کیا کروں؟ آپؐ نے فرمایا کہ غسل کرو اور کپڑا باندھ کر احرام باندھ لو رسول اللہ ﷺ نے مسجد میں نماز پڑھائی پھر قصواء (اونٹنی) پر سوار ہوئے یہانتک کہ آپؐ کی اونٹنی بیداء مقام پر کھڑی ہوئی تو میں نے اپنے سامنے تاحدِّ نظر سوار اور پیدل چلنے والے دیکھے

يَدَيْهِ مِنْ رَاكِبٍ وَمَاشٍ وَعَنْ يَمِينِهِ مِثْلَ ذَلِكَ وَعَنْ يَسَارِهِ مِثْلَ ذَلِكَ وَمِنْ خَلْفِهِ مِثْلَ ذَلِكَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا وَعَلَيْهِ يَنْزِلُ الْقُرْآنُ وَهُوَ يَعْرِفُ تَأْوِيلَهُ وَمَا عَمِلَ بِهِ مِنْ شَيْءٍ عَمِلْنَا بِهِ فَأَهَلَّ بِالتَّوْحِيدِ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ وَأَهَلَّ النَّاسُ بِهَذَا الَّذِي يُهِلُّونَ بِهِ فَلَمْ يَرُدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ شَيْئًا مِنْهُ وَلَزِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلْبِيَتَهُ قَالَ جَابِرٌ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لَسْنَا نَنْوِي إِلَّا الْحَجَّ لَسْنَا نَعْرِفُ الْعُمْرَةَ حَتَّى إِذَا أَتَيْنَا الْبَيْتَ مَعَهُ اسْتَلَمَ الرُّكْنَ فَرَمَلَ ثَلَاثًا وَمَشَى أَرْبَعًا ثُمَّ نَفَذَ إِلَى مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَام فَقَرَأَ وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى فَجَعَلَ الْمَقَامَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ فَكَانَ أَبِي يَقُولُ وَلَا أَعْلَمُهُ ذَكَرَهُ إِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الرُّكْنِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ إِلَى الصَّفَا فَلَمَّا دَنَا مِنَ الصَّفَا قَرَأَ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ

اور آپؐ کے دائیں بھی اسی طرح تھا اور آپؐ کے بائیں بھی اسی طرح تھا اور آپؐ کے پیچھے بھی اسی طرح تھا اور رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان تھے۔ اور آپؐ پر قرآن نازل ہو رہا تھا اور آپؐ اس کے معانی جانتے تھے۔ آپؐ جو کرتے ہم بھی وہی کرتے۔ آپؐ نے توحید (پر مشتمل) تلبیہ پڑھا۔ میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں۔ میں حاضر ہوں، سب تعریف اور نعمت تیری ہے اور بادشاہت (بھی)۔ تیرا کوئی شریک نہیں اور لوگ وہی تلبیہ پڑھتے رہے جو پڑھتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں اس سے ذرا بھی نہیں روکا اور رسول اللہ ﷺ اپنا تلبیہ پڑھتے رہے۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں ہمارا ارادہ صرف حج کا تھا۔ ہمیں عمرہ کا پتہ نہیں تھا یہانتک کہ جب ہم آپؐ کے ساتھ بیت اللہ پہنچے۔ آپؐ نے رکن (حجرِ اسود) کو بوسہ دیا اور تین دفعہ دوڑے اور چار مرتبہ چلے (اور طواف مکمل کیا)۔ پھر مقام ابراہیم علیہ السلام کی طرف تشریف لے گئے اور یہ آیت پڑھی وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى۔ ابراہیمؑ کے مقام کو نماز کی جگہ بناؤ۔ (البقرہ:126) پھر آپؐ نے مقام کو اپنے اور بیت اللہ کے درمیان رکھا (اور نماز پڑھی)۔ وہ (جعفر) کہتے ہیں میرے والد کہا کرتے تھے اور میرا ان کے بارہ میں علم نہیں ہے کہ انہوں نے

اللَّه أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللَّهُ بِه فَبَدَأَ بِالصَّفَا فَرَقِيَ عَلَيْهِ حَتَّى رَأَى الْبَيْتَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَوَحَّدَ اللَّهَ وَكَبَّرَهُ وَقَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ ثُمَّ دَعَا بَيْنَ ذَلِكَ قَالَ مِثْلَ هَذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ نَزَلَ إِلَى الْمَرْوَةِ حَتَّى إِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي بَطْنِ الْوَادِي سَعَى حَتَّى إِذَا صَعِدَتَا مَشَى حَتَّى أَتَى الْمَرْوَةَ فَفَعَلَ عَلَى الْمَرْوَةِ كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا حَتَّى إِذَا كَانَ آخِرُ طَوَافِهِ عَلَى الْمَرْوَةِ فَقَالَ لَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا لَمْ أَسُقِ الْهَدْيَ وَجَعَلْتُهَا عُمْرَةً فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ لَيْسَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ وَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّه أَلِعَامِنَا هَذَا أَمْ لِأَبَدٍ فَشَبَّكَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ أَصَابِعَهُ وَاحِدَةً فِي الْأُخْرَى وَقَالَ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ مَرَّتَيْنِ لَا بَلْ لِأَبَدٍ أَبَدٍ وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ بِبُدْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ فَوَجَدَ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا مِمَّنْ حَلَّ وَلَبِسَتْ ثِيَابًا صَبِيغًا وَاكْتَحَلَتْ

نبی ﷺ سے روایت کرنے کے علاوہ اس بات کو بیان کیا ہو کہ آپؐ (اِن) دو رکعتوں میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور قُلْ يٰاَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ پڑھتے تھے۔ پھر آپؐ رکن (حجرِ اسود) واپس تشریف لے گئے اور اسے بوسہ دیا پھر دروازے سے نکل کر صفا کی طرف تشریف لے گئے جب صفا کے قریب آئے تو یہ آیت پڑھی۔اِنَّ الصَّفَا... (البقرۃ: 159) یقیناً صفا اور مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں۔ (فرمایا) میں اس سے ابتداء کرتا ہوں جس سے اللہ نے ابتداء کی۔ پھر آپؐ نے صفا سے ابتداء کی اور اس پر چڑھے یہانتک کہ بیت اللہ کو دیکھا اور قبلہ کی طرف رخ کیا اور اللہ تعالیٰ کی توحید بیان کی اور اس کی بڑائی کا ذکر کیا اور فرمایا اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہت اسی کی ہے، اسی کی سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ اکیلا ہے۔ اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندہ کی مدد کی اور لشکروں کو اکیلے پسپا کر دیا اور پھر اس کے درمیان آپؐ نے دعا کی۔ تین مرتبہ اسی طرح کہا۔ پھر مروہ کی طرف اُترے یہانتک کہ جب آپؐ کے دونوں قدم وادی کے نشیب میں پڑے تو آپؐ دوڑنے لگے یہانتک کہ جب آپؐ کے قدم چڑھائی پر چڑھنے لگے تو آپ چلنے لگے یہانتک کہ مروہ پر آئے۔ پھر مروہ پر اس

فَأَنْكَرَ ذَلِكَ عَلَيْهَا فَقَالَتْ إِنَّ أَبِي أَمَرَنِي بِهَذَا قَالَ فَكَانَ عَلِيٌّ يَقُولُ بِالْعِرَاقِ فَذَهَبْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحَرِّشًا عَلَى فَاطِمَةَ لِلَّذِي صَنَعَتْ مُسْتَفْتِيًا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا ذَكَرَتْ عَنْهُ فَأَخْبَرْتُهُ أَنِّي أَنْكَرْتُ ذَلِكَ عَلَيْهَا فَقَالَ صَدَقَتْ صَدَقَتْ مَاذَا قُلْتَ حِينَ فَرَضْتَ الْحَجَّ قَالَ قُلْتُ اللَّهُمَّ إِنِّي أُهِلُّ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُولُكَ قَالَ فَإِنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ فَلَا تَحِلُّ قَالَ فَكَانَ جَمَاعَةُ الْهَدْيِ الَّذِي قَدِمَ بِهِ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ وَالَّذِي أَتَى بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةً قَالَ فَحَلَّ النَّاسُ كُلُّهُمْ وَقَصَّرُوا إِلَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ تَوَجَّهُوا إِلَى مِنًى فَأَهَلُّوا بِالْحَجِّ وَرَكِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِهَا الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ وَالْفَجْرَ ثُمَّ مَكَثَ قَلِيلًا حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَأَمَرَ بِقُبَّةٍ مِنْ شَعَرٍ تُضْرَبُ لَهُ بِنَمِرَةَ فَسَارَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَشُكُّ قُرَيْشٌ إِلَّا أَنَّهُ وَاقِفٌ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ كَمَا كَانَتْ قُرَيْشٌ تَصْنَعُ فِي

طرح کیا جیسے صفا پر کیا تھا۔ یہانتک کہ جب مروہ پر آپؐ کا آخری چکر تھا تو آپؐ نے فرمایا اگر میں وہ کر سکتا تو جو میں نے نہیں کیا تو میں بھی اپنی قربانی اپنے ساتھ نہ لاتا۔ پس تم میں سے جس کے پاس قربانی نہیں ہے وہ احرام کھول دے اور اسے عمرہ بنادے۔ اس پر حضرت سراقہؓ بن مالک بن جُعْشُم کھڑے ہوئے اور انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! کیا یہ ہمارے اسی سال کے لئے ہے یا ہمیشہ کے لئے؟ رسول اللہ ﷺ اپنے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے میں ڈالیں اور فرمایا عمرہ حج میں داخل ہوگیا۔ یہ دو مرتبہ فرمایا نہیں۔ بلکہ ہمیشہ ہمیش کے لئے اور حضرت علیؓ یمن سے نبی ﷺ کی قربانی کے جانور لے کر آئے تھے۔ انہوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو ان میں سے پایا جنہوں نے احرام کھول دیا تھا اور رنگین کپڑے پہن لئے تھے اور سرمہ لگا لیا تھا۔ انہوں (حضرت علیؓ) نے اُن (حضرت فاطمہؓ) کی اس بات کو اوپرا سمجھا تو وہ بولیں۔ میرے ابّا نے مجھے اسی کا حکم دیا ہے۔ راوی کہتے ہیں حضرت علیؓ عراق میں بتایا کرتے تھے۔ اس پر میں رسول اللہ ﷺ کے پاس فاطمہؓ کی شکایت کرنے کے لئے اور رسول اللہ ﷺ سے وہ بات پوچھنے کے لئے جو فاطمہؓ نے آپؐ کی طرف منسوب کی تھی گیا۔ اور میں نے آپؐ کو بتایا کہ میں نے فاطمہؓ کی اس بات کو اوپرا سمجھا۔ آپؐ نے فرمایا اس نے سچ

الْجَاهِلِيَّةِ فَأَجَازَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى عَرَفَةَ فَوَجَدَ الْقُبَّةَ قَدْ ضُرِبَتْ لَهُ بِنَمِرَةَ فَنَزَلَ بِهَا حَتَّى إِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ أَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ فَرُحِلَتْ لَهُ فَأَتَى بَطْنَ الْوَادِي فَخَطَبَ النَّاسَ وَقَالَ إِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي شَهْرِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ تَحْتَ قَدَمَيَّ مَوْضُوعٌ وَدِمَاءُ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعَةٌ وَإِنَّ أَوَّلَ دَمٍ أَضَعُ مِنْ دِمَائِنَا دَمُ ابْنِ رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ كَانَ مُسْتَرْضِعًا فِي بَنِي سَعْدٍ فَقَتَلَتْهُ هُذَيْلٌ وَرِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوعٌ وَأَوَّلُ رِبًا أَضَعُ رِبَانَا رِبَا عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَإِنَّهُ مَوْضُوعٌ كُلُّهُ فَاتَّقُوا اللَّهَ فِي النِّسَاءِ فَإِنَّكُمْ أَخَذْتُمُوهُنَّ بِأَمَانِ اللَّهِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوجَهُنَّ بِكَلِمَةِ اللَّهِ وَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ أَنْ لَا يُوطِئْنَ فُرُشَكُمْ أَحَدًا تَكْرَهُونَهُ فَإِنْ فَعَلْنَ ذَلِكَ فَاضْرِبُوهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ وَلَهُنَّ عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَقَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ إِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهِ كِتَابُ اللَّهِ وَأَنْتُمْ تُسْأَلُونَ عَنِّي فَمَا أَنْتُمْ قَائِلُونَ قَالُوا نَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ وَأَدَّيْتَ

کہا، اس نے سچ کہا۔ جب تم نے حج کی نیت باندھی تھی تو کیا کہا تھا؟ حضرت علیؓ کہتے ہیں میں نے کہا تھا اے اللہ! میں وہ احرام باندھتا ہوں جو تیرے رسولؐ نے باندھا ہے۔ آپؐ نے فرمایا تو میرے ساتھ قربانی ہے۔ پس تم احرام نہیں کھولو گے۔ راوی کہتے ہیں وہ قربانیاں جو حضرت علیؓ یمن سے لائے تھے اور جو نبی ﷺ لائے تھے ان کی مجموعی تعداد ایک سو تھی۔ راوی کہتے ہیں سب لوگوں نے احرام کھول دیا اور بال کٹوائے سوائے نبی ﷺ کے اور ان کے جن کے پاس قربانی تھی۔ پھر جب یوم ترویہ آیا تو سب نے منیٰ کا رُخ کیا اور حج کا احرام باندھا اور رسول اللہ ﷺ سوار ہوئے اور آپؐ نے وہاں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر پڑھی۔ پھر کچھ ٹھہرے یہانتک کہ سورج طلوع ہوا اور آپؐ کے ارشاد پر نمرہ (مقام) میں بالوں سے بُنا ہوا ایک خیمہ آپؐ کے لئے لگایا گیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ چلے اور قریش کو کوئی شک نہیں تھا کہ آپؐ مشعر حرام کے پاس رُکیں گے جیسا کہ قریش جاہلیت میں کیا کرتے تھے مگر رسول اللہ ﷺ وہاں سے گزر گئے یہانتک کہ عرفہ میں آئے۔ آپؐ نے اپنا خیمہ نمرہ میں لگا ہوا پایا۔ آپؐ وہاں اُترے یہانتک کہ جب سورج ڈھل گیا تو آپؐ نے قصواء اونٹنی کے بارہ میں ارشاد فرمایا۔ اس پر آپؐ کے لئے پالان ڈالا گیا۔ آپؐ وادی کے درمیان میں تشریف لائے اور

وَنَصَحْتَ فَقَالَ بِإِصْبَعِه السَّبَّابَةِ يَرْفَعُهَا إِلَى السَّمَاءِ وَيَنْكُتُهَا إِلَى النَّاسِ اللَّهُمَّ اشْهَدْ اللَّهُمَّ اشْهَدْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ أَذَّنَ ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ثُمَّ رَكِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَتَى الْمَوْقِفَ فَجَعَلَ بَطْنَ نَاقَتِه الْقَصْوَاءِ إِلَى الصَّخَرَاتِ وَجَعَلَ حَبْلَ الْمُشَاةِ بَيْنَ يَدَيْهِ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَذَهَبَتِ الصُّفْرَةُ قَلِيلًا حَتَّى غَابَ الْقُرْصُ وَأَرْدَفَ أُسَامَةَ خَلْفَهُ وَدَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ شَنَقَ لِلْقَصْوَاءِ الزِّمَامَ حَتَّى إِنَّ رَأْسَهَا لَيُصِيبُ مَوْرِكَ رَحْلِه وَيَقُولُ بِيَدِه الْيُمْنَى أَيُّهَا النَّاسُ السَّكِينَةَ السَّكِينَةَ كُلَّمَا أَتَى حَبْلًا مِنَ الْحِبَالِ أَرْخَى لَهَا قَلِيلًا حَتَّى تَصْعَدَ حَتَّى أَتَى الْمُزْدَلِفَةَ فَصَلَّى بِهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِأَذَانٍ وَاحِدٍ وَإِقَامَتَيْنِ وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ثُمَّ اضْطَجَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى طَلَعَ الْفَجْرُ وَصَلَّى الْفَجْرَ حِينَ تَبَيَّنَ لَهُ الصُّبْحُ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ ثُمَّ رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتَّى أَتَى الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَدَعَاهُ

لوگوں سے خطاب فرمایا۔ آپؐ نے فرمایا یقیناً تمہارے خون اور تمہارے اموال تمہارے لئے قابلِ احترام ہیں جیسے تمہارا یہ دن، تمہارے اس مہینے میں تمہارے اس شہر میں قابلِ احترام ہے۔ سنو! جاہلیت کی ہر بات میرے پاؤں کے نیچے مسل دی گئی ہے اور جاہلیت کے خون بھی کالعدم ہیں اور یقیناً اپنے خونوں میں سے سب سے پہلا خون جو میں کالعدم کرتا ہوں۔ وہ ابن ربیعہ بن الحارث کا خون ہے۔ وہ بنی سعد میں ایّام رضاعت میں تھا کہ اُسے ہذیل نے قتل کر دیا تھا اور جاہلیت کے سود بھی کالعدم ہیں اور سب سے پہلا سود جو میں کالعدم کرتا ہوں ہمارا سود یعنی عباس بن عبدالمطلب کا سود۔ وہ سارے کا سارا کالعدم ہے۔ اور عورتوں کے بارہ میں اللہ کا تقویٰ اختیار کرو۔ کیونکہ تم نے ان کو اللہ سے عہد و پیمان کر کے لیا ہے اور اللہ کے حکم سے ان سے ازدواجی تعلقات کو جائز قرار دیا ہے اور تمہارا ان پر یہ حق ہے کہ وہ تمہارے بستر پر کسی کو نہ آنے دیں — کہ تم اُسے بُرا جانتے ہو۔ اگر وہ ایسا کریں تو ان کو سزا دو۔ اتنی سزا دو کہ سخت نہ ہو اور ان کا تم پر حق ان کا کھانا پینا اور مناسب طور پر ان کا لباس ہے۔ اور میں نے تم میں وہ چھوڑا ہے کہ اگر تم اس کو مضبوطی سے پکڑ لو تو تم اس کے بعد کبھی گمراہ نہ ہو گے یعنی اللہ کی کتاب۔ اور تم سے میرے بارہ میں پوچھا جائے گا۔ پس تم کیا کہو

وَكَبَّرَهُ وَهَلَّلَهُ وَوَحَّدَهُ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتَّى أَسْفَرَ جِدًّا فَدَفَعَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَأَرْدَفَ الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ وَكَانَ رَجُلًا حَسَنَ الشَّعْرِ أَبْيَضَ وَسِيمًا فَلَمَّا دَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتْ بِهِ ظُعُنٌ يَجْرِينَ فَطَفِقَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهِنَّ فَوَضَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَى وَجْهِ الْفَضْلِ فَحَوَّلَ الْفَضْلُ وَجْهَهُ إِلَى الشِّقِّ الْآخَرِ يَنْظُرُ فَحَوَّلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ عَلَى وَجْهِ الْفَضْلِ يَصْرِفُ وَجْهَهُ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ يَنْظُرُ حَتَّى أَتَى بَطْنَ مُحَسِّرٍ فَحَرَّكَ قَلِيلًا ثُمَّ سَلَكَ الطَّرِيقَ الْوُسْطَى الَّتِي تَخْرُجُ عَلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرَى حَتَّى أَتَى الْجَمْرَةَ الَّتِي عِنْدَ الشَّجَرَةِ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ مِنْهَا مِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ رَمَى مِنْ بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ ثَلَاثًا وَسِتِّينَ بِيَدِهِ ثُمَّ أَعْطَى عَلِيًّا فَنَحَرَ مَا غَبَرَ وَأَشْرَكَهُ فِي هَدْيِهِ ثُمَّ أَمَرَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِبَضْعَةٍ فَجُعِلَتْ فِي قِدْرٍ فَطُبِخَتْ فَأَكَلَا مِنْ لَحْمِهَا وَشَرِبَا مِنْ

گے؟ انہوں نے کہا ہم گواہی دیں گے کہ آپؐ نے پیغام پہنچا دیا اور حق ادا کر دیا اور خیر خواہی کی۔ آپؐ نے اپنی شہادت کی انگلی آسمان کی طرف اٹھاتے ہوئے اور لوگوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا اے اللہ! گواہ رہنا۔ اے اللہ! گواہ رہنا۔ تین مرتبہ فرمایا۔ پھر آپؐ نے اذان دینے کا ارشاد فرمایا پھر اقامت کا ارشاد فرمایا اور ظہر کی نماز ادا کی۔ پھر اقامت کا ارشاد فرمایا اور عصر کی نماز ادا کی۔ اور ان دونوں کے درمیان کوئی نماز نہیں پڑھی۔ پھر رسول اللہ ﷺ سوار ہوئے یہاںتک کہ آپؐ (مزدلفہ میں) ٹھہرنے کے مقام پر پہنچے۔ آپؐ نے اپنی اونٹنی قصواء کے سینہ کا رخ چٹانوں کی طرف رکھا اور اپنے سامنے چلنے والوں کا راستہ رکھا اور قبلہ کی طرف رخ کیا۔ پھر آپؐ ٹھہرے رہے یہاںتک کہ سورج غروب ہوا اور کچھ زردی ختم ہوگئی یہاںتک کہ (سورج کی) ٹکیہ غائب ہو گئی اور آپؐ نے اسامہؓ کو اپنے پیچھے سواری پر بٹھایا اور اسے چلایا اور قصواء کی باگ کو کھینچا حتی کہ قریب تھا کہ اس کا سر کجاوے کی مورک ☆ سے لگتا تھا اور آپؐ اپنے دائیں ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے فرما رہے تھے اے لوگو! آرام سے آرام سے! جب آپؐ کسی ٹیلے کے پاس پہنچتے اس کی باگ کچھ ڈھیلی کر دیتے یہاںتک کہ وہ چڑھ جاتی۔ اس طرح آپؐ مزدلفہ

☆ مورک: چمڑے کے تکیہ کی طرح زین کے آگے کا وہ حصہ جس پر سوار اپنا پاؤں اٹھا کر رکھ لیتا ہے جب رکاب میں پاؤں رکھے رکھے تھک جاتا ہے (لسان، منجد، نہایہ)

مَرَقِهَا ثُمَّ رَكِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَفَاضَ إِلَى الْبَيْتِ فَصَلَّى بِمَكَّةَ الظُّهْرَ فَأَتَى بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَسْقُونَ عَلَى زَمْزَمَ فَقَالَ انْزِعُوا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَوْلَا أَنْ يَغْلِبَكُمُ النَّاسُ عَلَى سِقَايَتِكُمْ لَنَزَعْتُ مَعَكُمْ فَنَاوَلُوهُ دَلْوًا فَشَرِبَ مِنْهُ {148}و حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ أَتَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ فَسَأَلْتُهُ عَنْ حَجَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ حَاتِمِ بْنِ إِسْمَعِيلَ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ وَكَانَتِ الْعَرَبُ يَدْفَعُ بِهِمْ أَبُو سَيَّارَةَ عَلَى حِمَارٍ عُرْيٍ فَلَمَّا أَجَازَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ بِالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ لَمْ تَشُكَّ قُرَيْشٌ أَنَّهُ سَيَقْتَصِرُ عَلَيْهِ وَيَكُونُ مَنْزِلُهُ ثَمَّ فَأَجَازَ وَلَمْ يَعْرِضْ لَهُ حَتَّى أَتَى عَرَفَاتٍ فَنَزَلَ [2951,2950]

پہنچے۔ پھر آپؐ نے مغرب کی اور عشاء کی نماز ایک اذان اور دو اقامت کے ساتھ پڑھائی اور ان کے درمیان کوئی نفل نماز نہیں پڑھی۔ پھر رسول اللہ ﷺ لیٹ گئے یہاں تک کہ فجر طلوع ہوگئی۔ پھر آپؐ نے فجر کی نماز اذان اور اقامت کے ساتھ اس وقت پڑھی جب صبح ظاہر ہوگئی۔ پھر آپؐ قصواء پر سوار ہوئے یہانتک کہ مشعر حرام آئے۔ آپؐ نے قبلہ کی طرف رخ کیا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور اللہ اکبر کہا اور لا الہ الا اللہ کہا اور اس کی توحید بیان کی۔ پھر آپؐ ٹھہرے رہے یہانتک کہ خوب روشنی ہوگئی ۔ پھر آپؐ سورج طلوع ہونے سے پہلے روانہ ہوئے اور فضل بن عباسؓ کو پیچھے بٹھایا اور وہ خوبصورت بالوں والے، سفید رنگ والے خوش شکل مرد تھے۔ جب رسول اللہ ﷺ روانہ ہوئے تو کچھ عورتیں آپؐ کے قریب سے تیزی سے چلتی ہوئی گزریں۔ فضل ان کی طرف دیکھنے لگے رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ فضل کے چہرہ پر رکھا اور وہ اپنا چہرہ دوسری طرف پھیر کر دیکھنے لگے۔ آپؐ ان کے چہرے کو دوسری طرف دیکھنے سے روک رہے تھے پھر آپؐ وادیٔ محسّر میں آئے۔ اور آپؐ نے سواری کو کچھ تیز کیا اور آپؐ نے درمیانی راستہ لیا جو جمرۂ کبریٰ پر جا نکلتا ہے۔ آپؐ اس جمرے پر پہنچے جو درخت کے پاس ہے آپؐ نے اُسے سات کنکریاں ماریں۔ ان میں سے ہر کنکری کے

ساتھ آپؐ تکبیر کہتے تھے (وہ کنکریاں) چھوٹے چھوٹے سنگریزوں جیسی تھیں۔ آپؐ نے وادی کے نشیب سے یہ (کنکریاں) ماریں۔ پھر قربانی کرنے کی جگہ تشریف لے گئے۔ پھر آپؐ نے اپنے ہاتھ سے قربانی کے تریسٹھ جانور ذبح کئے۔ پھر حضرت علیؓ کے سپرد کیا جو رہ گئے تھے وہ انہوں نے ذبح کئے۔ اور آپؐ نے ان (حضرت علیؓ) کو اپنی قربانی میں شریک کیا تھا۔ آپؐ نے ہر قربانی میں سے ایک حصے کے بارہ میں ارشاد فرمایا اُسے ہنڈیا میں ڈالا گیا، اسے پکایا گیا۔ پھر آپ دونوں نے اس کا گوشت کھایا اور اس کا شوربا پیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ سوار ہوئے اور بیت اللہ کا طواف افاضہ کیا مکہ میں نماز ظہر پڑھائی۔ پھر آپؐ بنوعبدالمطلب کے پاس آئے جو زمزم پر پانی پلا رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا عبدالمطلب کی اولاد پانی نکالو۔ اگر لوگوں کے تمہارے پانی پلانے کی خدمت پر غالب آنے کا خدشہ نہ ہوتا تو میں بھی تم لوگوں کے ساتھ پانی نکالتا۔ پھر انہوں نے آپؐ کو ایک ڈول پیش کیا اور آپؐ نے اس میں سے پانی پیا۔ ایک اور روایت جعفر بن محمد سے مروی ہے وہ کہتے ہیں مجھے میرے والد نے بتایا کہ میں حضرت جابر بن عبداللہؓ کے پاس آیا اور ان سے رسول اللہ ﷺ کے حج کے بارہ میں سوال کیا۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے مگر اس روایت میں مزید ہے کہ عربوں کا دستور تھا

کہ ابو سیارۃ ننگی پشت والے گدھے پر سوار انہیں (مزدلفہ سے) لاتا تھا۔ جب رسول اللہ ﷺ مزدلفہ سے آگے مشعر حرام کی طرف بڑھے تو قریش کو کوئی شک نہیں تھا کہ آپؐ وہاں ٹھہریں گے اور یہاں آپؐ کا پڑاؤ ہوگا مگر آپؐ آگے گذر گئے اور اس کی طرف کوئی توجہ نہ فرمائی یہاں تک کہ آپؐ عرفات آئے اور وہاں پڑاؤ کیا۔

## [20]20:بَاب مَا جَاءَ أَنَّ عَرَفَةَ كُلَّهَا مَوْقِفٌ

## باب: عرفہ سب کا سب ٹھہرنے کا مقام ہے

**2124**{149} حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَابِرٍ فِي حَدِيثِه ذَلِكَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحَرْتُ هَاهُنَا وَمِنًى كُلُّهَا مَنْحَرٌ فَانْحَرُوا فِي رِحَالِكُمْ وَوَقَفْتُ هَاهُنَا وَعَرَفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ وَوَقَفْتُ

**2124**: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے یہاں قربانی کی ہے اور منیٰ سارے کا سارا قربان گاہ ہے۔ پس اپنی اپنی قیام گاہ میں قربانی کرلو اور میں یہاں ٹھہرا ہوں اور عرفہ سب کا سب ٹھہرنے کا مقام ہے۔ اور میں یہاں ٹھہرا ہوں۔ جمع (مزدلفہ) سارے کا سارا موقف ہے۔

**2124: اطراف :مسلم** کتاب الحج باب بیان وجوه الاحرام وانه یجوز افراد الحج والتمتع والقران2117 ، 2118 ، 2119 2120، 2122، 2123 ، 2125 باب فضل العمرة فی رمضان 2201، 2202 باب استحباب تقديم دفع الضعفة من النساء وغيرهن من مزدلفة الى منى فى اواخر السيل ... 2275

**تخريج: بخاری** کتاب الحج باب قول الله تعالىٰ یاتوک رجالًا وعلى كل ضامرٍ یأتین من کل فج عمیق ...1514 ، 1515باب الحج على الرحل 1516، 1517 ، 1518 باب ذات عرق لأهل العراق 1532 باب الاِهلال عند مسجد ذی الحليفة 1541 باب من اهل فی زمن النبیؐ کاهلال النبی ﷺ1557، 1558 ، 1559 باب قول الله تعالیٰ الحج اشهر معلومات ... 1560باب التمتع والقران والافراد بالحج ... 1568 باب قول الله تعالیٰ ذلک لمن یکن اهله حاضری ... 1572 باب عمرة التنعيم 1785باباب الاعتمار بعد الحج بغير هديٍ 1786 **ترمذی** کتاب الحج باب ما جاء من ای موضع احرم النبیؐ 817 باب ما جاء کیف الطواف 856 باب ما جاء فی الرمل من الحجر الى الجمر 857 باب ماجاء انه يبدأ بالصفا قبل المروة 862 باب ماجاء ما يُقرءُ فی رکعتی الطواف 869 ، 870 باب ماجاء فی الافاضة من عرفات 896 باب ما جاء ان الجمار التی یُری بها مثل حصی الخذف897 کتاب المناقب باب مناقب اهل بیت النبی ﷺ 3786 **نسائی** کتاب الطهارة باب ما تفعل المحرمة اذا حاضت 290 باب ما تفعل النفساء عندالاحرام 291 باب اغتسال النفساء عندالاحرام 429 کتاب الغسل والتيمم باب اغتسال النفساء عندالاحرام 429 کتاب المواقيت الجمع بين الظهر والعصر بعرفة 604 =

هَاهُنَا وَجَمْعٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ [2952]

2125{150} وحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ أَتَى الْحَجَرَ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ مَشَى عَلَى يَمِينِهِ فَرَمَلَ ثَلَاثًا وَمَشَى أَرْبَعًا [2953]

2125: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب مکہ تشریف لائے تو حجر اسود کے پاس تشریف لائے۔ آپ نے اسے بوسہ دیا۔ پھر آپ اپنی دائیں طرف چلے۔ آپ نے تین دفعہ تیز چلتے ہوئے اور چار دفعہ عام رفتار سے طواف کیا۔

=مناسک الحج الکراهیة فی الثیاب المصبغة للمحرم 2712 العمل فی الاهلال 2756 اهلال النفساء 2761 ، 2762 الوقت الذی وافی فیه النبی ﷺ 2872 کیف یطوف اول ما یقدم ؟...2939 الرمل من الحجر الی الحجر 2944 الامر بالسکینة فی الافاضة من عرفة 3020 3021 ، 3022 باب الایضاع فی وادی محسر 3053 ، 3054 باب المکان الذی تُری منه جمرة العقبة 3074 3075 باب عدد الحصی التی یرمی بها الجمار 3076 باب التکبیر مع کل حصاة 3079 کتاب الضحایا ذبح الرجل غیر اضحیته 4419 **ابوداود** کتاب المناسک باب فی افراد الحج 1787 ، 1788 ، 1789 باب کیف التلبیة 1812 باب التعجیل من جمعٍ 1944 باب صفة حج النبیؐ 1905، 1906، 1907 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب النفساء والحائض تهل بالحج 2911، 2912 ، 2913 باب التلبیة 2918 2919 باب الرمل حول البیت 2950 ، 2951 باب الرکعتین بعد الطواف 2960 باب الافراد بالحج 2966 باب فسخ الحج 2980 2981 ، 2982 ، 2983 باب الوقوف بجمع 3023 باب قدر حصی الرمی 3028 بقیة أبوداود کتاب المناسک باب فی هدی البقر 1750 باب فی وقت الاحرام 1770 بقیة ابن ماجه کتاب المناسک باب العمرة من التنعیم 3000 باب حجة رسول الله ﷺ 3074 کتاب الاضاحی باب عن کم تجزئ البدنة البقرة 3135 باب الاکل من لحوم الضحایا 3158

**2125: اطراف: مسلم** کتاب الحج باب بیان وجوه الاحرام وانه یجوز افراد الحج والتمتع والقران 2117 ، 2118 ، 2119 2120، 2122، 2123 ، 2124 باب فضل العمرة فی رمضان 2201، 2202 باب استحباب تقدیم دفع الضعفة من النساء وغیرهن من مزدلفة الی منی فی اواخر السیل ... 2275

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب قول الله تعالیٰ یاتوک رجالًا وعلی کل ضامرٍ یأتین من کل فج عمیق ...1514 ، 1515 باب الحج علی الرحل 1516، 1517 ، 1518 باب ذات عرق لأهل العراق 1532 باب الاِهلال عند مسجد ذی الحلیفة 1541 باب من اهل فی زمن النبیؐ کاهلال النبی ﷺ 1557، 1558 ، 1559 باب قول الله تعالیٰ الحج اشهر معلومات ... 1560 باب التمتع والقران والافراد بالحج ... 1568 باب قول الله تعالیٰ ذلک لمن یکن اهله حاضری ... 1572 باب عمرة التنعیم 1785 باباب الاعتمار بعد الحج بغیر هديٍ 1786 **ترمذی** کتاب الحج باب ما جاء من ای موضع احرم النبیؐ 817 باب ما جاء کیف الطواف 856 باب ما جاء فی الرمل من الحجر الی الحجر 857 باب ماجاء انه یبدأ بالصفا قبل المروة 862 باب ماجاء ما یُقرءُ فی رکعتی الطواف 869 ، 870 باب ماجاء فی الافاضة من عرفات 896 باب ما جاء ان الجمار التی یُری بها مثل حصی الخذف 897 کتاب المناقب باب مناقب اهل بیت النبی ﷺ 3786 **نسائی** کتاب الطهارة باب ما تفعل المحرمة اذا حاضت 290 باب ما تفعل النفساء عندالاحرام 291 باب اغتسال النفساء عندالاحرام 429 کتاب الغسل والتیمم باب اغتسال النفساء عندالاحرام 429 کتاب المواقیت الجمع بین الظهر والعصر بعرفة 604 مناسک الحج الکراهیة فی الثیاب المصبغة للمحرم 2712 العمل فی الاهلال 2756 اهلال النفساء 2761 ، 2762 الوقت الذی وافی فیه النبی ﷺ 2872 کیف یطوف اول ما یقدم ؟... 2939 الرمل من الحجر الی الحجر 2944 الامر بالسکینة فی الافاضة من عرفة 3020=

## [21]21: بَاب فِي الْوُقُوفِ وَ قَوْله تَعَالَى ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ

## (عرفات میں) ٹھہرنے اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد "پھر لوٹو وہاں سے جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں" کے بارہ میں بیان

2126 {151} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ قُرَيْشٌ وَمَنْ دَانَ دِينَهَا يَقِفُونَ بِالْمُزْدَلِفَةِ وَكَانُوا يُسَمَّوْنَ الْحُمْسَ وَكَانَ سَائِرُ الْعَرَبِ يَقِفُونَ بِعَرَفَةَ فَلَمَّا جَاءَ الْإِسْلَامُ أَمَرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِيَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْتِيَ عَرَفَاتٍ فَيَقِفَ بِهَا ثُمَّ يُفِيضَ مِنْهَا فَذَلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ

2126: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ قریش اور جو لوگ اُن کے دین کو اختیار کرتے تھے مزدلفہ میں ٹھہرتے تھے اور وہ حُمس ☆ کہلاتے تھے اور باقی سارے عرب عرفہ میں ٹھہرتے تھے۔ جب اسلام آیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو حکم دیا کہ وہ عرفات جائیں اور وہاں ٹھہریں اور پھر وہاں سے لوٹیں اور یہ ہے اللہ عزوجل کا ارشاد ثُمَّ اَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ پھر وہاں سے لوٹو جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں۔ (البقرہ:200)

= 3021 ، 3022 باب الایضاع فی وادی محسر 3053 ، 3054 باب المکان الذی تُری منه جمرة العقبة 3074 3075 باب عدد الحصی التی یرمی بها الجمار 3076 باب التکبیر مع کل حصاة 3079 کتاب الضحایا ذبح الرجل غیر اضحیته 4419 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی افراد الحج 1787 ، 1788 ، 1789 باب کیف التلبیة 1812 باب التعجیل من جمعٍ 1944 باب صفة حج النبیؐ 1905، 1906، 1907 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب النفساء والحائض تهل بالحج 2911، 2912 ، 2913 باب التلبیة 2918 2919 باب الرمل حول البیت 2950 ، 2951 باب الرکعتین بعد الطواف 2960 باب الافراد بالحج 2966 باب فسخ الحج 2980 2981 ، 2982 ، 2983 باب الوقوف بجمع 3023 باب قدر حصی الرمی 3028 بقیة أبوداود کتاب المناسک باب فی هدی البقر 1750 باب فی وقت الاحرام 1770 بقیة ابن ماجه کتاب المناسک باب العمرة من التنعیم 3000 باب حجة رسول الله ﷺ 3074 کتاب الاضاحی باب عن کم تجزئ البدنة البقرة 3135 باب الاکل من لحوم الضحایا 3158

**2126 : اطراف: مسلم** کتاب الحج باب فی الوقوف وقوله تعالیٰ ثم افیضوا... 2127

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التعجیل الی الموقف 1664 باب الوقوف بعرفة 1665 تفسیر القرآن باب ثم افیضوا من حیث افاض الناس... 4520 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی الوقوف بعرفاتٍ والدعاء بها 884 **نسائی** مناسک الحج رفع الیدین فی الدعاء بعرفة 3012 ، 3013 **ابو داود** کتاب مناسک باب الوقوف بالعرفة 1910 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الرفع من عرفة 3018

☆ حُمس: اُحمس کی جمع ہے اور اس کے معنے ہیں سخت متشدد۔ یہ قریش کا گروہ جو اپنے دین پر متشدد تھا حج میں مزدلفہ میں ٹھہرتے تھے اور عرفات اس لئے نہیں جاتے تھے کہ وہ حرم سے باہر ہے۔

أَفَاضَ النَّاسُ [2954]

2127{152} وحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَتْ الْعَرَبُ تَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرَاةً إِلَّا الْحُمْسَ وَالْحُمْسُ قُرَيْشٌ وَمَا وَلَدَتْ كَانُوا يَطُوفُونَ عُرَاةً إِلَّا أَنْ تُعْطِيَهُمْ الْحُمْسُ ثِيَابًا فَيُعْطِي الرِّجَالُ الرِّجَالَ وَالنِّسَاءُ النِّسَاءَ وَكَانَتِ الْحُمْسُ لَا يَخْرُجُونَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ وَكَانَ النَّاسُ كُلُّهُمْ يَبْلُغُونَ عَرَفَاتٍ قَالَ هِشَامٌ فَحَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ الْحُمْسُ هُمْ الَّذِينَ أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِمْ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ قَالَتْ كَانَ النَّاسُ يُفِيضُونَ مِنْ عَرَفَاتٍ وَكَانَ الْحُمْسُ يُفِيضُونَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ يَقُولُونَ لَا نُفِيضُ إِلَّا مِنَ الْحَرَمِ فَلَمَّا نَزَلَتْ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ رَجَعُوا إِلَى عَرَفَاتٍ [2955]

**2127**: ہشام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں عرب بیت اللہ کا طواف بغیر لباس کے کرتے تھے۔ سوائے حمس کے اور حمس سے مراد قریش اور ان کی اولاد تھی۔ وہ بغیر لباس کے طواف کرتے تھے سوائے اس کے کہ حمس ان کو کپڑے دیں۔ مرد مردوں کو کپڑے دیتے تھے اور عورتیں عورتوں کو۔ اور حمس، مزدلفہ سے باہر نہیں جاتے تھے جبکہ باقی سب لوگ (مزدلفہ سے آگے) عرفات پہنچتے تھے۔

ہشام کہتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں حمس وہ لوگ تھے جن کے بارہ میں اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ ثُمَّ اَفِیْضُوْا مِنْ حَیثُ اَفَاضَ النَّاسُ... (البقرہ:200) ''پھر تم لوٹو وہاں سے جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں۔'' آپؓ فرماتی ہیں دوسرے لوگ تو عرفات سے لوٹتے تھے اور حمس مزدلفہ سے لوٹتے تھے۔ وہ کہتے تھے ہم تو حرم سے ہی واپس لوٹیں گے پھر جب یہ آیت نازل ہوئی تم وہاں سے لوٹو جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں تو وہ عرفات کی طرف جانے لگے۔

**2127 :اطراف**: **مسلم** کتاب الحج باب فی الوقوف وقوله تعالیٰ ثم افیضوا... 2126

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التعجیل الی الموقف 1664 باب الوقوف بعرفة 1665 تفسیر القرآن باب ثم افیضوا من حیث افاض الناس 4520 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی الوقوف بعرفاتٍ والدعاء بها 884 **نسائی** مناسک الحج رفع الیدین فی الدعاء بعرفة 3012 ، 3013 **ابوداود** کتاب مناسک باب الوقوف بالعرفة 1910 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الرفع من عرفة 3018

2128{153} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ عَمْرٌو حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ أَضْلَلْتُ بَعِيرًا لِي فَذَهَبْتُ أَطْلُبُهُ يَوْمَ عَرَفَةَ فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا مَعَ النَّاسِ بِعَرَفَةَ فَقُلْتُ وَاللَّهِ إِنَّ هَذَا لَمِنَ الْحُمْسِ فَمَا شَأْنُهُ هَاهُنَا وَكَانَتْ قُرَيْشٌ تُعَدُّ مِنَ الْحُمْسِ [2956]

**2128**: حضرت جبیر بن مُطعمؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں اپنا ایک اونٹ گم کر بیٹھا اور میں اسے تلاش کرنے کے لئے عرفہ کے دن نکلا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو لوگوں کے ساتھ عرفات میں ٹھہرے ہوئے دیکھا۔ میں نے کہا اللہ کی قسم! آپؐ تو حمس میں سے ہیں۔ کیا بات ہے کہ آپؐ یہاں ہیں اور قریش حمس میں سے شمار کئے جاتے تھے۔

## [22]22:بَاب فِي نَسْخِ التَّحَلُّلِ مِنَ الْإِحْرَامِ وَالْأَمْرِ بِالتَّمَامِ

## باب: احرام کھولنے کی منسوخی اور (اسے) مکمل کرنے کا حکم

2129{154} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

**2129**: حضرت ابو موسیٰؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا۔ آپؐ بطحاء میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ آپؐ نے مجھے فرمایا کیا تم حج کرو گے؟ میں نے کہا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا کون سا احرام باندھا ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا تھا کہ

2128 :**تخریج**: **بخاری** كتاب الحج باب التعجيل الى الموقف باب الوقوف بعرفة 1664 **نسائی** مناسک الحج رفع اليدين فى الدعاء بعرفة 3013

2129 :**اطراف**: **مسلم** كتاب الحج باب نسخ التحلل من الاحرام والامر بالتمام 2130

**تخریج**: **بخاری** كتاب الحج باب من اهل فى زمن النبىﷺ كاهلال النبى ﷺ 1559 باب التمتع والقران والافراد الحج... 1565 باب الذبح قبل الحلق 1724 كتاب العمرة باب متى يحلّ المعتمر 1795 كتاب المغازى باب بعث ابى موسىٰ ومعاذ الى اليمن قبل حجة الوداع 4346 باب حجة الوداع 4397 **نسائی** مناسک الحج التمتع 2735 ، 2738 باب الحج بغير نيّةٍ يقصده المحرم 2742

وَسَلَّمَ وَهُوَ مُنِيخٌ بِالْبَطْحَاءِ فَقَالَ لِي أَحَجَجْتَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ بِمَ أَهْلَلْتَ قَالَ قُلْتُ لَبَّيْكَ بِإِهْلَالٍ كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقَدْ أَحْسَنْتَ طُفْ بِالْبَيْتِ وَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَأَحِلَّ قَالَ فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ أَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ بَنِي قَيْسٍ فَفَلَتْ رَأْسِي ثُمَّ أَهْلَلْتُ بِالْحَجِّ قَالَ فَكُنْتُ أُفْتِي بِهِ النَّاسَ حَتَّى كَانَ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا أَبَا مُوسَى أَوْ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ رُوَيْدَكَ بَعْضَ فُتْيَاكَ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فِي النُّسُكِ بَعْدَكَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كُنَّا أَفْتَيْنَاهُ فُتْيَا فَلْيَتَّئِدْ فَإِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَادِمٌ عَلَيْكُمْ فَبِهِ فَأْتَمُّوا قَالَ فَقَدِمَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ إِنْ نَأْخُذْ بِكِتَابِ اللَّهِ فَإِنَّ كِتَابَ اللَّهِ يَأْمُرُ بِالتَّمَامِ وَإِنْ نَأْخُذْ بِسُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى بَلَغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ و حَدَّثَنَاه عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [2958,2957]

لَبَّیْک نبی ﷺ کے احرام کی طرح احرام۔ آپؐ نے فرمایا تم نے اچھا کیا۔ بیت اللہ اور صفا مروہ کا طواف کرو اور احرام کھول دو۔ وہ کہتے ہیں میں نے بیت اللہ اور صفا مروہ کا طواف کیا۔ اور پھر میں بنی قیس کی ایک عورت کے پاس آیا۔ اس نے میرے بال صاف کئے۔ پھر میں نے حج کا احرام باندھا۔ حضرت ابو موسیٰ ؓ کہتے ہیں میں اسی کا فتویٰ لوگوں کو دیتا تھا یہانتک کہ حضرت عمرؓ کی خلافت کا زمانہ آیا۔ تو ان کو ایک شخص نے کہا اے ابو موسیٰ یا کہا اے عبداللہؓ بن قیس! تم اپنے بعض فتوؤں میں احتیاط کرو۔ تمہیں نہیں معلوم کہ امیر المؤمنین نے تمہارے بعد مناسک میں کیا احکامات جاری فرمائے ہیں۔ حضرت ابو موسیٰ ؓ نے کہا اے لوگو! جسے ہم نے فتویٰ دیا ہے وہ رُک جائے کیونکہ امیر المؤمنین تمہارے پاس آنے والے ہیں تم انہیں کی پیروی کرنا۔

حضرت ابو موسیٰ ؓ کہتے ہیں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے۔ میں نے ان سے اس بات کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا۔ اگر ہم اللہ کی کتاب کو لیں تو اللہ کی کتاب تکمیل (حج وعمرہ) کا حکم دیتی ہے اور اگر ہم رسول اللہ ﷺ کی سنت کو لیں تو رسول اللہ ﷺ نے احرام نہیں کھولا یہانتک کہ قربانی اپنے مقام تک پہنچ گئی۔

2130{155} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ يَعْنِي ابْنَ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَيْسٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُنِيخٌ بِالْبَطْحَاءِ فَقَالَ بِمَ أَهْلَلْتَ قَالَ قُلْتُ أَهْلَلْتُ بِإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلْ سُقْتَ مِنْ هَدْيٍ قُلْتُ لَا قَالَ فَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حِلَّ فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ أَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ قَوْمِي فَمَشَطَتْنِي وَغَسَلَتْ رَأْسِي فَكُنْتُ أُفْتِي النَّاسَ بِذَلِكَ فِي إِمَارَةِ أَبِي بَكْرٍ وَإِمَارَةِ عُمَرَ فَإِنِّي لَقَائِمٌ بِالْمَوْسِمِ إِذْ جَاءَنِي رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فِي شَأْنِ النُّسُكِ فَقُلْتُ أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كُنَّا أَفْتَيْنَاهُ بِشَيْءٍ فَلْيَتَّئِدْ فَهَذَا أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ قَادِمٌ عَلَيْكُمْ فَبِهِ فَأْتَمُّوا فَلَمَّا قَدِمَ قُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَا هَذَا الَّذِي أَحْدَثْتَ فِي شَأْنِ النُّسُكِ قَالَ إِنْ نَأْخُذْ بِكِتَابِ اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ

2130: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا جبکہ آپؐ بطحاء میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ آپؐ نے فرمایا تم نے کون سا احرام باندھا ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا میں نے نبی ﷺ کے احرام جیسا احرام باندھا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم کوئی قربانی لائے ہو؟ میں نے کہا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا تم بیت اللہ اور صفا اور مروہ کا طواف کرو پھر احرام کھول دو، چنانچہ میں نے بیت اللہ اور صفا مروہ کا طواف کیا۔ پھر میں اپنے خاندان کی ایک عورت کے پاس آیا۔ اس نے مجھے کنگھی کی اور میرا سر دھویا۔ میں حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے زمانہ میں اسی کا فتویٰ دیا کرتا تھا۔ ایک دفعہ میں حج کے ایام میں کھڑا تھا کہ میرے پاس ایک شخص آیا اور کہا آپ کو معلوم نہیں کہ امیر المؤمنین نے قربانیوں کے بارہ میں کیا ارشاد فرمایا ہے۔ میں نے کہا اے لوگو! جسے بھی میں نے کوئی فتویٰ دیا تھا وہ رک جائے۔ امیر المؤمنینؓ تمہارے پاس تشریف لانے والے ہیں۔ پس تم ان کی پیروی کرنا۔ پس جب آپؓ آئے، میں نے کہا یا امیر المؤمنین! آپؓ نے قربانیوں کے بارہ میں کیا

**2130 : اطراف**: مسلم کتاب الحج باب نسخ التحلل من الاحرام والامر بالتمام 2129

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب من اهل فی زمن النبیؐ کاهلال النبی ﷺ 1559 باب التمتع والقران والافراد الحج... 1565 باب الذبح قبل الحلق 1724 کتاب العمرة باب متی یحلّ المعتمر 1795 کتاب المغازی باب بعث ابی موسیٰ ومعاذ الی الیمن قبل حجة الوداع 4346 باب حجة الوداع 4397 **نسائی** مناسک الحج التمتع 2735 ، 2738 باب الحج بغیر نیّةٍ یقصده المحرم 2742

قَالَ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ وَإِنْ نَأْخُذْ بِسُنَّةِ نَبِيِّنَا عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَام فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى نَحَرَ الْهَدْيَ {156} و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عُمَيْسٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنِي إِلَى الْيَمَنِ قَالَ فَوَافَقْتُهُ فِي الْعَامِ الَّذِي حَجَّ فِيهِ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا مُوسَى كَيْفَ قُلْتَ حِينَ أَحْرَمْتَ قَالَ قُلْتُ لَبَّيْكَ إِهْلَالًا كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلْ سُقْتَ هَدْيًا فَقُلْتُ لَا قَالَ فَانْطَلِقْ فَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ أَحِلَّ ثُمَّ سَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ [2960,2959]

ارشاد فرمایا ہے؟ انہوں نے کہا اگر ہم اللہ کی کتاب کو لیں۔ اللہ بزرگ و برتر فرماتا ہے تم حج اور عمرہ اللہ کے لئے پورا کرو اور اگر ہم اپنے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کی سنت کو لیں تو نبی ﷺ نے احرام نہیں کھولا یہانتک کہ قربانی ذبح کر لی۔

ایک اور روایت حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں پھر میں آپؐ سے اس سال ملا جس میں آپؐ نے حج کیا تھا۔ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے ابوموسیٰ! جب تم نے احرام باندھا تھا تو تم نے کیا کہا تھا؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا تھا: لبیک نبی ﷺ کے احرام کی طرح کا احرام۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم قربانی ساتھ لائے ہو؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا تو چلو اور خانہ کعبہ کا طواف کرو اور صفا و مروہ کا بھی۔ پھر احرام کھول دو۔

**2131**{157} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ

**2131**: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ وہ حج تمتع کا فتویٰ دیتے تھے۔ ان سے ایک شخص نے کہا آپؓ اپنے بعض فتووں میں احتیاط کریں کیونکہ آپؓ

**2131 :تخریج :بخاری** كتاب الحج باب الذبح قبل الحلق 1724، 1795 كتاب المغازى باب بعث ابى موسىٰ ومعاذ الى اليمن قبل حجة الوداع 4346 باب حجة الوداع 4397 **نسائی** مناسک الحج التمتع 2735، 2738 الحج بغير نية يقصده المحرم 2742 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب التمتع بالعمرة الى الحج 2979

عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي مُوسَى عَنْ أَبِي مُوسَى أَنَّهُ كَانَ يُفْتِي بِالْمُتْعَةِ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ رُوَيْدَكَ بِبَعْضِ فُتْيَاكَ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فِي النُّسُكِ بَعْدُ حَتَّى لَقِيَهُ بَعْدُ فَسَأَلَهُ فَقَالَ عُمَرُ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلَهُ وَأَصْحَابُهُ وَلَكِنْ كَرِهْتُ أَنْ يَظَلُّوا مُعْرِسِينَ بِهِنَّ فِي الْأَرَاكِ ثُمَّ يَرُوحُونَ فِي الْحَجِّ تَقْطُرُ رُءُوسُهُمْ [2961]

وہ نہیں جانتے جو امیر المؤمنینؓ نے قربانی کے بارہ میں بعد میں ارشاد فرمایا ہے۔ پھر وہ بعد میں اُن (امیر المؤمنینؓ) سے ملے اور اُن سے پوچھا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا مجھے پتہ ہے کہ نبی ﷺ اور صحابہؓ نے ایسا کیا ہے۔ لیکن میں نے اچھا نہیں سمجھا کہ لوگ پیلو کے درختوں میں ان کے ساتھ رات گزاریں۔ پھر صبح حج پر اس طرح نکلیں کہ ان کے سروں سے پانی ٹپک رہا ہو۔

## [23]23: بَاب جَوَازِ التَّمَتُّعِ

## (حج) تمتع کے جواز کا بیان

2132{158} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَقِيقٍ كَانَ عُثْمَانُ يَنْهَى عَنِ الْمُتْعَةِ وَكَانَ عَلِيٌّ يَأْمُرُ بِهَا فَقَالَ عُثْمَانُ لِعَلِيٍّ كَلِمَةً ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ لَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّا قَدْ تَمَتَّعْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَجَلْ وَلَكِنَّا كُنَّا خَائِفِينَ وَ

**2132:** عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں حضرت عثمانؓ حج تمتع سے روکتے تھے اور حضرت علیؓ ایسے حج کرنے کی اجازت دیتے تھے۔ حضرت عثمانؓ نے حضرت علیؓ کو کوئی بات کہی۔ پھر حضرت علیؓ نے کہا آپ کو علم ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج تمتع کیا تھا۔ حضرت عثمانؓ نے کہا ہاں، لیکن ہمیں خوف تھا☆۔

---

**2132: اطراف:** مسلم كتاب الحج باب جواز التمتع 2133

**تخريج:** بخاری كتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1563، 1569 **نسائی** مناسک الحج القران 2722 2723 التمتع 2733

☆ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عثمانؓ کا یہ فقرہ راوی نے مکمل بیان نہیں کیا واللہ اعلم

حَدَّثَنِيه يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [2963,2962]

2133 {159} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ اجْتَمَعَ عَلِيٌّ وَعُثْمَانُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا بِعُسْفَانَ فَكَانَ عُثْمَانُ يَنْهَى عَنِ الْمُتْعَةِ أَوِ الْعُمْرَةِ فَقَالَ عَلِيٌّ مَا تُرِيدُ إِلَى أَمْرٍ فَعَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَنْهَى عَنْهُ فَقَالَ عُثْمَانُ دَعْنَا مِنْكَ فَقَالَ إِنِّي لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَدَعَكَ فَلَمَّا أَنْ رَأَى عَلِيٌّ ذَلِكَ أَهَلَّ بِهِمَا جَمِيعًا [2964]

2133: سعید بن مسیّب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت علیؓ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما عُسفان (مقام) میں اکٹھے ہوئے۔حضرت عثمانؓ حج تمتع یا (حج ہی کے احرام میں) عمرہ سے منع کرتے تھے۔ حضرت علیؓ نے کہا آپ اس بات سے کیا چاہتے ہیں جسے رسول اللہ ﷺ نے کیا اور آپؓ اس سے منع کرتے ہیں حضرت عثمانؓ نے فرمایا آپ ہمیں چھوڑ کر (اس بات کو) رہنے دیں۔انہوں نے کہا میں آپؓ کو چھوڑ نہیں سکتا۔پھر جب حضرت علیؓ نے یہ دیکھا تو انہوں نے (حج اور عمرہ) دونوں کا اکٹھے احرام باندھا۔

2134{160} و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ كَانَتِ الْمُتْعَةُ فِي الْحَجِّ لِأَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً [2965]

2134: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حج تمتع کرنا حضرت محمد ﷺ کے اصحاب کے لئے خاص تھا۔

---

**2133 : اطراف : مسلم** کتاب الحج باب جواز التمتع 2132

**تخریج : بخاری** کتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1563، 1569 **نسائی** مناسک الحج القران 2722 2723 التمتع 2733

**2134 : اطراف : مسلم** کتاب الحج باب جواز التمتع 2135 ، 2136 ، 2137

**تخریج : نسائی** مناسک الحج باب الاباحة فسخ الحج بعمرة من لم يسُقِ الهدى 9 0 28،0 1 28 ، 2811، 2812 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب من قال كان فسخ الحج لهم خاصّة 2984 ، 2985

2135{161} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَشْهَدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَيَّاشٍ الْعَامِرِيِّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ كَانَتْ لَنَا رُخْصَةً يَعْنِي الْمُتْعَةَ فِي الْحَجِّ [2966]

2135: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہمیں رخصت تھی۔ ان کی مُراد حج تمتع سے تھی۔

2136{162} و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ فُضَيْلٍ عَنْ زُبَيْدٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ أَبُو ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لَا تَصْلُحُ الْمُتْعَتَانِ إِلَّا لَنَا خَاصَّةً يَعْنِي مُتْعَةَ النِّسَاءِ وَمُتْعَةَ الْحَجِّ [2967]

2136: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ دو تمتع جائز نہیں مگر صرف ہمارے لئے۔ اُن کی مراد (احرام کھولنے کے بعد) بیویوں سے استفادہ اور حج تمتع سے تھی۔

2137{163} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ بَيَانٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ قَالَ أَتَيْتُ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيَّ وَإِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيَّ فَقُلْتُ إِنِّي أَهُمُّ أَنْ أَجْمَعَ الْعُمْرَةَ وَالْحَجَّ الْعَامَ فَقَالَ إِبْرَاهِيمُ النَّخَعِيُّ لَكِنْ أَبُوكَ لَمْ يَكُنْ لِيَهُمَّ بِذَلِكَ قَالَ قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ بَيَانٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ

2137: عبدالرحمان بن ابی الشعثاء سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں ابراہیم نخعی اور ابراہیم تیمی کے پاس آیا اور میں نے کہا میں ارادہ رکھتا ہوں کہ میں اس سال عمرہ اور حج کو جمع کروں۔ ابراہیم نخعی نے کہا لیکن تمہارے والد تو ایسا ارادہ کرنے والے نہ تھے۔

ابراہیم نخعی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ

---

**2135 : اطراف:** مسلم: کتاب الحج باب جواز التمتع 2134 ، 2136 ، 2137

**تخریج:** نسائی مناسک الحج باب الاباحة فسخ الحج بعمرة من لم يسُقِ الهدى 2809، 2810 ، 2811، 2812 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب من قال كان فسخ الحج لهم خاصّة 2984 ، 2985

**2136 : اطراف:** مسلم: کتاب الحج باب جواز التمتع 2134 ، 2135 ، 2137

**تخریج:** نسائی مناسک الحج باب الاباحة فسخ الحج بعمرة من لم يسُقِ الهدى 2809، 2810 ، 2811، 2812 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب من قال كان فسخ الحج لهم خاصّة 2984 ، 2985

**2137 : اطراف:** مسلم کتاب الحج باب جواز التمتع 2134 ، 2135 ، 2136

**تخریج:** نسائی مناسک الحج باب الاباحة فسخ الحج بعمرة من لم يسُقِ الهدى 2809، 2810 ، 2811، 2812 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب من قال كان فسخ الحج لهم خاصّة 2984 ، 2985

مَرَّ بِأَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِالرَّبَذَةِ فَذَكَرَ لَهُ ذَلِكَ فَقَالَ إِنَّمَا كَانَتْ لَنَا خَاصَّةً دُونَكُمْ [2968]

2138{164}وحَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنِ الْفَزَارِيِّ قَالَ سَعِيدٌ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ غُنَيْمِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ سَأَلْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنِ الْمُتْعَةِ فَقَالَ فَعَلْنَاهَا وَهَذَا يَوْمَئِذٍ كَافِرٌ بِالْعُرُشِ يَعْنِي بُيُوتَ مَكَّةَ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فِي رِوَايَتِهِ يَعْنِي مُعَاوِيَةَ و حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي خَلَفٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ جَمِيعًا عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَ حَدِيثِهِمَا وَفِي حَدِيثِ سُفْيَانَ الْمُتْعَةُ فِي الْحَجِّ [2971,2970,2969]

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس ربذہ (مقام) میں سے گزرے اوران سے اس کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا یہ تمہیں چھوڑ کر ہمارے لئے خاص تھا۔

**2138**:غُنَیم بن قیس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے حج تمتع کے بارہ میں پوچھا۔انہوں نے کہا ہم نے یہ (حج تمتع) کیا تھا اور یہ (معاویہ بن ابوسفیان) ان دنوں عرش یعنی مکہ کے گھروں کے پاس غیر مسلم تھا۔ سفیان کی روایت میں ( اَلْـمُـتْـعَةُ کی بجائے ) اَلْمُتْعَةُ فِي الْحَجِّ کے الفاظ ہیں۔

**2138 :تخریج:** ترمذی کتاب الحج باب ماجاء فی التمتع 822 نسائی مناسک الحج باب التمتع 2734، 2739

2139{165} و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ قَالَ لِي عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ إِنِّي لَأُحَدِّثُكَ بِالْحَدِيثِ الْيَوْمَ يَنْفَعُكَ اللَّهُ بِهِ بَعْدَ الْيَوْمِ وَاعْلَمْ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَعْمَرَ طَائِفَةً مِنْ أَهْلِهِ فِي الْعَشْرِ فَلَمْ تَنْزِلْ آيَةٌ تَنْسَخُ ذَلِكَ وَلَمْ يَنْهَ عَنْهُ حَتَّى مَضَى لِوَجْهِهِ ارْتَأَى كُلُّ امْرِئٍ بَعْدُ مَا شَاءَ أَنْ يَرْتَئِيَ {166}وحَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ كِلَاهُمَا عَنْ وَكِيعٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ و قَالَ ابْنُ حَاتِمٍ فِي رِوَايَتِهِ ارْتَأَى رَجُلٌ بِرَأْيِهِ مَا شَاءَ يَعْنِي عُمَرَ [2973,2972]

**2139**: مطرّف سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھے حضرت عمران بن حُصینؓ نے کہا آج میں تمہیں ایک بات بتانے لگا ہوں کسی وقت اللہ تعالیٰ تمہیں اس کے ذریعہ سے فائدہ دے گا۔ جان لو کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے گھر والوں میں سے ایک گروہ کو (ذوالحجہ کے پہلے) دس دن میں عمرہ کروایا پھر اُسے منسوخ کرنے کی کوئی آیت بھی نازل نہ ہوئی اور آپؐ نے بھی اس سے منع نہیں فرمایا یہانتک کہ آپؐ نے وفات پائی۔ بعد میں ہر شخص نے جو چاہا رائے قائم کر لی۔

حاتم کی روایت میں (ارْتَأَى كُلُّ امْرِئٍ بَعْدُ مَا شَاءَ أَنْ يَرْتَئِيَ کی بجائے) ارْتَأَى رَجُلٌ بِرَأْيِهِ مَا شَاءَ يَعْنِي عُمَرَ کے الفاظ ہیں یعنی ایک شخص نے جو چاہا رائے قائم کر لی۔ ان کی مراد حضرت عمرؓ سے تھی۔

2140{167} و حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ قَالَ لِي عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ

**2140**: مطرّف سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھے حضرت عمران بن حُصینؓ نے کہا میں تمہارے پاس ایک بات بیان کرتا ہوں بعید نہیں کہ اللہ تعالیٰ تمہیں

**2139 :اطراف**:**مسلم** کتاب الحج باب جواز التمتع 2140 ، 2141 ، 2142 ، 2143 ، 2144
**تخریج**: **بخاری** کتاب الحج باب قول الله تعالیٰ ذلک لمن لم یکن اهله حاضری المسجد الحرام 1571 ، 1572 کتاب تفسیر القرآن باب فمن تمتع بالعمرة الی الحج 4518 **نسائی** کتاب مناسک الحج القران 2726، 2727 ، 2728، 2729 ، 2731 التمتع 2336 ، 2739 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب التمتع بالعمرة الی الحج 2977 ، 2978
**2140**:**اطراف**:**مسلم** کتاب الحج باب جواز التمتع 2139، 2141، 2142، 2143، 2144
**تخریج**: **بخاری** کتاب الحج باب قول الله تعالیٰ ذلک لمن لم یکن اهله حاضری المسجد الحرام 1571 ، 1572 کتاب تفسیر القرآن باب فمن تمتع بالعمرة الی الحج 4518 **نسائی** کتاب مناسک الحج القران 2726، 2727 ، 2728، 2729 ، 2731 التمتع 2336 ، 2739 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب التمتع بالعمرة الی الحج 2977 ، 2978

أُحَدِّثُكَ حَدِيثًا عَسَى اللَّهُ أَنْ يَنْفَعَكَ بِهِ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ ثُمَّ لَمْ يَنْهَ عَنْهُ حَتَّى مَاتَ وَلَمْ يَنْزِلْ فِيهِ قُرْآنٌ يُحَرِّمُهُ وَقَدْ كَانَ يُسَلَّمُ عَلَيَّ حَتَّى اكْتَوَيْتُ فَتُرِكْتُ ثُمَّ تَرَكْتُ الْكَيَّ فَعَادَ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفًا قَالَ قَالَ لِي عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ بِمِثْلِ حَدِيثِ مُعَاذٍ [2975,2974]

اس کے ذریعہ فائدہ دے۔ یقیناً رسول اللہ ﷺ نے حج اور عمرہ کو جمع کیا تھا۔ پھر اس سے روکا نہیں یہانتک کہ آپؐ فوت ہو گئے اور اس بارہ میں قرآن بھی نہیں اترا جو اس (حج تمتع) سے منع کرتا اور مجھے سلام کیا جاتا تھا یہانتک کہ میں نے داغ لگوایا تو مجھے (سلام کیا جانا) چھوڑ دیا گیا پھر میں نے داغ لگوانا چھوڑ دیا تو پھر (سلام ہونا) دوبارہ شروع ہو گیا☆۔

2141{168} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ بَعَثَ إِلَيَّ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِي تُوُفِّيَ فِيهِ فَقَالَ إِنِّي كُنْتُ مُحَدِّثَكَ بِأَحَادِيثَ لَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يَنْفَعَكَ بِهَا بَعْدِي فَإِنْ عِشْتُ فَاكْتُمْ عَنِّي وَإِنْ مُتُّ فَحَدِّثْ بِهَا إِنْ شِئْتَ إِنَّهُ قَدْ سُلِّمَ عَلَيَّ وَاعْلَمْ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَمَعَ بَيْنَ

**2141**: مطرّف سے روایت ہے وہ کہتے تھے حضرت عمران بن حُصینؓ نے اپنی اس بیماری میں جس میں وہ فوت ہوئے مجھے بلا بھیجا اور کہا میں آپ کو کچھ باتیں بتاتا ہوں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ان کے ذریعہ میرے بعد فائدہ پہنچائے گا۔ اگر میں زندہ رہا تو میرے بارہ میں یہ بات مخفی رکھنا اور اگر میں فوت ہو جاؤں تو پھر اگر چاہو تو ان کو بیان کر دینا۔ مجھ پر سلام کیا جاتا تھا اور جان لو کہ اللہ کے نبی ﷺ نے حج اور عمرہ کو جمع کیا تھا۔ (اور اس کے بعد) اس بارہ میں

☆ حضرت عمران بن حُصینؓ کو بواسیر کی تکلیف تھی اور وہ اس تکلیف کو برداشت کرتے اور فرشتے ان کو سلام کرتے جب انہوں نے اس تکلیف کے علاج کے لئے داغ لگوایا تو فرشتوں کا سلام موقوف ہو گیا۔ (شرح نووی زیر روایت ہٰذا)

**2141 : اطراف** :**مسلم** کتاب الحج باب جواز التمتع 2139، 2140، 2142، 2143، 2144

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب قول اللہ تعالیٰ ذلک لمن لم یکن اھلہ حاضری المسجد الحرام 1571 ، 1572 کتاب تفسیر القرآن باب فمن تمتع بالعمرۃ الی الحج 4518 **نسائی** کتاب مناسک الحج القران 2726، 2727 ، 2728، 2729 ،2730 التمتع 2336 ، 2739 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب التمتع بالعمرۃ الی الحج 2977 ، 2978

حَجٍّ وَعُمْرَةٍ ثُمَّ لَمْ يَنْزِلْ فِيهَا كِتَابُ اللَّهِ وَلَمْ يَنْهَ عَنْهَا نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَجُلٌ فِيهَا بِرَأْيِهِ مَا شَاءَ [2976]

اللہ کی کتاب (کا کوئی نیا حکم) نہیں اترا اور نہ اللہ کے نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا۔ ایک شخص نے اس بارہ میں اپنی رائے سے جو چاہا کہا۔

2142{169} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ اعْلَمْ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ حَجٍّ وَعُمْرَةٍ ثُمَّ لَمْ يَنْزِلْ فِيهَا كِتَابٌ وَلَمْ يَنْهَنَا عَنْهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيهَا رَجُلٌ بِرَأْيِهِ مَا شَاءَ [2977]

**2142:** حضرت عمران بن حُصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں جان لو کہ رسول اللہ ﷺ نے حج اور عمرہ کو جمع کیا تھا۔ (اس کے بعد) اس بارہ میں (کوئی نیا) حکم نہیں اترا۔ اور نہ ہی ان دونوں (حج اور عمرہ جمع کرنے یعنی حج تمتع) سے رسول اللہ ﷺ نے ہمیں منع فرمایا۔ اس بارہ میں ایک شخص نے اپنی رائے سے جو چاہا کہا۔

2143{170} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ تَمَتَّعْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَنْزِلْ فِيهِ

**2143:** حضرت عمران بن حُصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج تمتع کیا۔ اس بارہ میں قرآن میں (ممانعت کا کوئی حکم) نازل نہیں ہوا۔ ایک شخص نے اپنی رائے سے جو چاہا کہہ دیا۔

---

**2142 :اطراف:** **مسلم** کتاب الحج باب جواز التمتع 2139، 2140،2141، 2143، 2144

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب قول اللہ تعالیٰ ذلک لمن لم یکن اھلہ حاضری المسجد الحرام 1571 ، 1572 کتاب تفسیر القرآن باب فمن تمتع بالعمرۃ الی الحج 4518 **نسائی** کتاب مناسک الحج القران 2726، 2727 ، 2728، 2729 ،2730 التمتع 2336 ، 2739 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب التمتع بالعمرۃ الی الحج 2977 ، 2978

**2143 :اطراف:** **مسلم** کتاب الحج باب جواز التمتع 2139، 2140،2141، 2142، 2144

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب قول اللہ تعالیٰ ذلک لمن لم یکن اھلہ حاضری المسجد الحرام 1571 ، 1572 کتاب تفسیر القرآن باب فمن تمتع بالعمرۃ الی الحج 4518 **نسائی** کتاب مناسک الحج القران 2726، 2727 ، 2728، 2729 ،2730 التمتع 2336 ، 2739 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب التمتع بالعمرۃ الی الحج 2977 ، 2978

الْقُرْآنُ قَالَ رَجُلٌ بِرَأْيِهِ مَا شَاءَ{171}و حَدَّثَنِيه حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّه بْنُ عَبْدِ الْمَجِيد حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ وَاسِعٍ عَنْ مُطَرِّف بْنِ عَبْدِ اللَّه بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ تَمَتَّعَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَمَتَّعْنَا مَعَهُ [2979,2978]

حضرت عمران بن حُصین رضی اللہ عنہ سے ایک اور روایت میں ہے وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ نے حج تمتع کیا اور ہم نے بھی آپؐ کے ساتھ حج تمتع کیا۔

2144 {172} حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي رَجَاءٍ قَالَ قَالَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ نَزَلَتْ آيَةُ الْمُتْعَةِ فِي كِتَابِ اللَّهِ يَعْنِي مُتْعَةَ الْحَجِّ وَأَمَرَنَا بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَمْ تَنْزِلْ آيَةٌ تَنْسَخُ آيَةَ مُتْعَةِ الْحَجِّ وَلَمْ يَنْهَ عَنْهَا رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى مَاتَ قَالَ رَجُلٌ بِرَأْيِهِ بَعْدُ مَا شَاءَ {173}و حَدَّثَنِيه مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيد عَنْ عِمْرَانَ الْقَصِيرِ حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ عَنْ عِمْرَانَ

**2144:** حضرت عمران بن حصینؓ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کی کتاب میں متعہ کی آیت۔ان کی مراد حج تمتع کی آیت سے تھی۔اتری اور رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اس کا حکم دیا۔ پھر کوئی آیت ایسی نازل نہیں ہوئی جو حج تمتع کی آیت کو منسوخ کرتی اور نہ ہی رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا یہانتک کہ آپؐ فوت ہوگئے۔بعد میں ایک شخص نے جو چاہا اپنی رائے سے کہا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کی معیّت میں یہ (حج تمتع) کیا تھا۔اس روایت میں راوی نے ''أَمَرَنَا بِهَا'' کے الفاظ بیان نہیں کئے۔

---

**2144: اطراف:** مسلم کتاب الحج باب جواز التمتع 2139، 2140،2141، 2142، 2143

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب قول اللہ تعالیٰ ذلک لمن لم یکن اهله حاضری المسجد الحرام 1571 ، 1572 کتاب تفسیر القرآن باب فمن تمتع بالعمرة الی الحج 4518 **نسائی** کتاب مناسک الحج القران 2726، 2727 ، 2728، 2729 ،2730 التمتع 2336 ، 2739 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب التمتع بالعمرة الی الحج 2977 ، 2978

بْنِ حُصَيْنٍ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَفَعَلْنَاهَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْ وَأَمَرَنَا بِهَا [2981,2980]

## [24]24:بَاب وُجُوبِ الدَّمِ عَلَى الْمُتَمَتِّعِ وَأَنَّهُ إِذَا عَدَمَهُ لَزِمَهُ صَوْمُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ

### تمتع کرنے والے پر قربانی واجب ہونے کا بیان اور یہ کہ اگر قربانی نہ ہو تو تین دن کے روزے حج (کے ایام) میں رکھنے اس کے لئے ضروری ہیں اور سات جب وہ اپنے گھر لوٹ جائے

2145{174} حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ تَمَتَّعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ وَأَهْدَى فَسَاقَ مَعَهُ الْهَدْيَ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَبَدَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ ثُمَّ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَتَمَتَّعَ النَّاسُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ

**2145:** حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع میں عمرہ کو حج کے ساتھ ملا کر ادا کیا اور قربانی کی۔ آپؐ نے ذوالحلیفہ سے قربانی ساتھ لی تھی اور رسول اللہ ﷺ نے شروع میں عمرہ کا احرام باندھا پھر اُسے حج کا احرام (بھی) قرار دیا اور لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عمرہ کو حج سے ملانے کا فائدہ اٹھایا۔ لوگوں میں سے کچھ ایسے تھے جنہوں نے قربانی کی اور وہ قربانی ساتھ لائے تھے اور ان میں سے وہ بھی تھے جو قربانی نہیں لائے تھے۔ جب رسول اللہ ﷺ مکہ

**2145 :تخریج:** **بخاری** کتاب الحج باب الاهلال عند مسجد ذی الحليفة 1541 باب من ساق البدن معه 1691 ، 1692 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی التمتع 824 باب ماجاء فی تقبيل الحجر 861 **نسائی** کتاب مناسک الحج باب التعريس بذی الحليفة 2659 ، 2660 ، 2661 باب التمتع 2732 العمل فی الاهلال 2757 ، 2758 ، 2759 ، 2760 باب کيف يطوف اول ما يقدم 2939 کم يمشی 2941 الخبب فی الثلاثة من السبع 2942 الرمل فی الحج والعمرة 2943 العلة التی من أجلها سعی النبیؐ بالبيت 2946 أين يصلی رکعتی الطواف 2960 ذکر خروج النبی الی الصفا... 2966 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی وقت الاحرام 1771 باب فی الاقران 1805 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب استلام الحجر 2946 باب الرمل حول البيت 2950 2951 باب الرکعتين بعد الطواف 2959 باب طواف القارن 2974 باب نزول المحصب 3069

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَكَانَ مِنْ النَّاسِ مَنْ أَهْدَى فَسَاقَ الْهَدْيَ وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ يُهْدِ فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَالَ لِلنَّاسِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ أَهْدَى فَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتَّى يَقْضِيَ حَجَّهُ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ أَهْدَى فَلْيَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلْيُقَصِّرْ وَلْيَحْلِلْ ثُمَّ لِيُهِلَّ بِالْحَجِّ وَلْيُهْدِ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ هَدْيًا فَلْيَصُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةً إِذَا رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ وَطَافَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَدِمَ مَكَّةَ فَاسْتَلَمَ الرُّكْنَ أَوَّلَ شَيْءٍ ثُمَّ خَبَّ ثَلَاثَةَ أَطْوَافٍ مِنَ السَّبْعِ وَمَشَى أَرْبَعَةَ أَطْوَافٍ ثُمَّ رَكَعَ حِينَ قَضَى طَوَافَهُ بِالْبَيْتِ عِنْدَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَانْصَرَفَ فَأَتَى الصَّفَا فَطَافَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعَةَ أَطْوَافٍ ثُمَّ لَمْ يَحْلِلْ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتَّى قَضَى حَجَّهُ وَنَحَرَ هَدْيَهُ يَوْمَ النَّحْرِ وَأَفَاضَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ حَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ وَفَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَهْدَى وَسَاقَ الْهَدْيَ مِنَ النَّاسِ [2982]

تشریف لائے۔ آپؐ نے لوگوں سے فرمایا تم میں سے جس کے پاس قربانی کا جانور ہے اس کے لئے کوئی چیز جائز نہیں جو اس پر حرام ہوئی تھی یہانتک کہ وہ اپنا حج پورا کرلے اور جس کے ساتھ قربانی نہیں وہ بیت اللہ اور صفا اور مروہ کا طواف کرے اور بال کٹوائے اور احرام کھول دے ۔ پھر حج کا احرام باندھے اور قربانی کرے اور جسے قربانی کی توفیق نہیں وہ تین دن کے روزے حج کے دوران میں رکھے اور سات جب وہ واپس اپنے اہل کے پاس جائے اور رسول اللہ ﷺ جب مکہ آئے تو طواف کیا۔ آپؐ نے سب سے پہلے یہ کام کیا کہ رکن (حجر اسود) کو بوسہ دیا۔ پھر آپؐ نے سات چکروں میں سے تین تیز رفتار سے اور چار عام رفتار کے ساتھ چکر لگائے پھر بیت اللہ کا طواف مکمل کرلیا تو مقام (ابراہیم) کے پاس دو رکعت نماز ادا کی پھر سلام پھیرا اور تشریف لے گئے اور صفا پر آئے۔ صفا اور مروہ کے سات چکر لگائے۔ پھر کوئی چیز حلال نہیں ہوئی جو احرام کی وجہ سے حرام ہوئی تھی یہانتک کہ آپؐ نے اپنا حج مکمل کیا اور اپنی قربانی کو قربانی کے دن ذبح کیا اور واپس تشریف لے گئے اور بیت اللہ کا طواف کیا۔ پھر ہر ایک چیز جو آپؐ پر حرام ہوئی تھی حلال ہو گئی اور لوگوں میں سے جنہوں نے قربانی کی اور وہ قربانی کا جانور ساتھ لائے تھے انہوں نے اسی طرح کیا جس

طرح رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا۔

2146{175} و حَدَّثَنِيهِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي تَمَتُّعِهِ بِالْحَجِّ إِلَى الْعُمْرَةِ وَتَمَتُّعِ النَّاسِ مَعَهُ بِمِثْلِ الَّذِي أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [2983]

**2146**: عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ نے انہیں رسول اللہ ﷺ کے حج کو عمرہ کے ساتھ ملا کر ادا کرنے کے متعلق بتایا۔ نیز آپ کے ساتھ (کچھ) دوسرے لوگوں کے تمتع کرنے کا بھی۔

## [25]25:بَاب: بَيَانُ أَنَّ الْقَارِنَ لَا يَتَحَلَّلُ إِلَّا فِي وَقْتِ تَحَلُّلِ الْحَاجِّ الْمُفْرِدِ

## باب: اس امر کا بیان کہ حج قران کرنے والا احرام نہیں کھولتا مگر (اس وقت جب) حج مفرد کرنے والا احرام کھولتا ہے

2147{176} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ حَفْصَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

**2147**: حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت حفصہؓ نے کہا کہ یا رسولؐ اللہ! کیا بات ہے کہ لوگوں نے احرام کھول

2146 :**تخریج: بخاری** كتاب الحج باب كيف تهل الحائض والنفساء 1556 **نسائی** كتاب مناسك الحج باب الوقت الذى خرج فيه النبى ﷺ من المدينة للحج 2650 فى المهلة بالعمرة تحيض وتخاف فوت الحج 2763 ، 2764 اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم يسق الهدى 2803 ، 2804 ما يفعل من اهل بالحج فأهدى 2990 ما يفعل من اهل بعمرةٍ فأهدى 2991 **ابن ماجه** كتاب المناسك باب حجة رسول الله ﷺ 3074 ، 3075

2147 :**اطراف: مسلم** كتاب الحج باب بيان أن القارن لا يتحلل الا فى وقت تحلّل الحاجّ المفرد 2148، 2149 =

وَسَلَّمَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوا وَلَمْ تَحْلِلْ أَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ قَالَ إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي وَقَلَّدْتُ هَدْيِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ و حَدَّثَنَاه ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا لَكَ لَمْ تَحِلَّ بِنَحْوِهِ [2985,2984]

دیئے ہیں اور آپؐ نے اپنے عمرہ کے بعد احرام نہیں کھولا؟ آپؐ نے فرمایا میں نے سر کے بالوں کو جما لیا تھا اور قربانی کو قلادہ پہنا دیا۔ پس میں احرام نہیں کھولوں گا یہانتک کہ قربانی کرلوں۔

ایک اور روایت میں (لَمْ تَحْلِلْ کے بجائے) مَالَکَ لَمْ تَحِلَّ کے الفاظ ہیں۔

2148 {177} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ قَالَ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ قَالَتْ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوا وَلَمْ تَحِلَّ مِنْ عُمْرَتِكَ قَالَ إِنِّي قَلَّدْتُ هَدْيِي وَلَبَّدْتُ رَأْسِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَحِلَّ مِنَ الْحَجِّ {178} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ

**2148**: حضرت حفصہؓ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں میں نے نبی ﷺ سے عرض کیا کیا بات ہے لوگوں نے احرام کھول دیا ہے اور آپؐ نے اپنے عمرہ کا احرام نہیں کھولا؟ آپؐ نے فرمایا میں نے اپنی قربانی کو گانی پہنا دی اور اپنے سر کے بالوں کو جما لیا تھا۔ پس میں احرام نہیں کھولوں گا یہانتک کہ حج (سے فارغ ہوکر اس) کا احرام نہ کھولوں۔

ایک اور روایت میں (قُلْتُ لِلنَّبِيِّ ﷺ کی بجائے) يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! کے الفاظ ہیں اور اسی طرح (فَلَا

=**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1566 باب قتل القلائد للبدن والبقر 1697 باب من لبّد رأسه عندالاحرام وحلق 1725 کتاب المغازی باب حجة الوداع 4398 کتاب اللباس باب التلبيد 5914، 5915، 5916 **نسائی** کتاب مناسک الحج التلبيد عندالاحرام 2682، 2683 تقليد الهدی 2781 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1806 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب تقليد الغنم 3046، 3047

**2148 : اطراف: مسلم** کتاب الحج باب بيان أن القارن لا يتحلل الا فی وقت تحلّل الحاجّ المفرد 2147، 2149

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1566 باب قتل القلائد للبدن والبقر 1697 باب من لبّد رأسه عندالاحرام وحلق 1725 کتاب المغازی باب حجة الوداع 4398 کتاب اللباس باب التلبيد 5914، 5915، 5916 **نسائی** کتاب مناسک الحج التلبيد عندالاحرام 2682، 2683 تقليد الهدی 2781 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1806 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب تقليد الغنم 3046، 3047

نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ حَفْصَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِمِثْلِ حَدِيثِ مَالِكٍ فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ [2987,2986]

أَحِلُّ حَتّٰى أَحِلَّ مِنَ الْحَجِّ کی بجائے) فَلَا أَحِلُّ حَتّٰى أَنْحَرَ کے الفاظ ہیں۔

2149 {179} و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَخْزُومِيُّ وَعَبْدُ الْمَجِيدِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ أَزْوَاجَهُ أَنْ يَحْلِلْنَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَالَتْ حَفْصَةُ فَقُلْتُ مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَحِلَّ قَالَ إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي وَقَلَّدْتُ هَدْيِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ هَدْيِي[2988]

2149: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے مجھ سے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے اپنی ازواجِ مطہرات کو حجۃ الوداع کے سال فرمایا کہ وہ احرام کھول دیں۔ حضرت حفصہؓ کہتی ہیں میں نے عرض کیا آپؐ کے احرام کھولنے میں کیا روک ہے؟ آپؐ نے فرمایا میں نے اپنے سر کے بالوں کو جما لیا تھا اور اپنی قربانی کو گانی پہنا دی تھی اس لئے میں (اس وقت تک) احرام نہیں کھولوں گا یہانتک کہ اپنی قربانی کے جانور کو ذبح کرلوں۔

## [26] 26 بَاب بَيَانِ جَوَازِ التَّحَلُّلِ بِالْإِحْصَارِ وَجَوَازِ الْقِرَانِ

## روکے جانے کی صورت میں احرام کھولنے کے جواز نیز حج قِران کے جواز کا بیان

2150 {180} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ

2150: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فتنہ کے زمانہ میں عمرہ کرنے کے لئے نکلے اور کہا اگر میں

**2149 : اطراف:** مسلم کتاب الحج باب بیان أن القارن لا یتحلل الا فی وقت الحاجّ المفرد 2147، 2148

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1566باب قتل القلائد للبدن والبقر 1697 باب من لبّد رأسه عندالاحرام وحَلق 1725 کتاب المغازی باب حجة الوداع 4398 کتاب اللباس باب التلبید 5914 ، 5915 ، 5916 **نسائی** کتاب مناسک الحج التلبید عندالاحرام 2682، 2683 تقلید الهدی 2781 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1806 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب تقلید الغنم 3046 ، 3047

**2150 : اطراف: مسلم** کتاب الحج باب بیان جواز التحلل بالاحصار 2151، 2152

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1566باب قتل القلائد للبدن والبقر 1697 باب من لبّد رأسه عندالاحرام وحَلق 1725 کتاب المغازی باب حجة الوداع 4398 کتاب اللباس باب التلبید 5914 ، 5915 ، 5916 **نسائی** کتاب مناسک الحج التلبید عندالاحرام 2682، 2683 تقلید الهدی 2781 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1806 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب تقلید الغنم 3046 ، 3047

بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا خَرَجَ فِي الْفِتْنَةِ مُعْتَمِرًا وَقَالَ إِنْ صُدِدْتُ عَنِ الْبَيْتِ صَنَعْنَا كَمَا صَنَعْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ فَأَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَسَارَ حَتَّى إِذَا ظَهَرَ عَلَى الْبَيْدَاءِ الْتَفَتَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ مَا أَمْرُهُمَا إِلَّا وَاحِدٌ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ الْحَجَّ مَعَ الْعُمْرَةِ فَخَرَجَ حَتَّى إِذَا جَاءَ الْبَيْتَ طَافَ بِهِ سَبْعًا وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعًا لَمْ يَزِدْ عَلَيْهِ وَرَأَى أَنَّهُ مُجْزِئٌ عَنْهُ وَأَهْدَى [2989]

بیت اللہ سے روک دیا گیا تو ہم وہی کریں گے جو ہم نے رسول اللہ ﷺ کی معیّت میں کیا تھا۔ پھر وہ (حضرت عبداللہ بن عمرؓ) نکلے اور عمرہ کا احرام باندھا اور چلتے رہے یہانتک کہ جب بیداء پہنچے تو اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا (روک دیئے جانے کی صورت میں) ان دونوں (حج وعمرہ) کا معاملہ ایک ہی ہے۔ میں تمہیں گواہ ٹھہراتا ہوں کہ میں نے حج کو عمرہ کے ساتھ (اپنے اوپر) واجب کیا۔ پھر وہ نکلے یہانتک کہ جب بیت اللہ کے پاس آئے تو اس کے سات چکر لگائے اور صفا اور مروہ کے درمیان بھی سات۔ اس سے زیادہ نہیں کیا اور ان کا خیال تھا کہ یہی ان کے لئے کافی ہے اور انہوں نے قربانی کی۔

2151 {181} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ حَدَّثَنِي نَافِعٌ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ وَسَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ كَلَّمَا عَبْدَ اللَّهِ حِينَ نَزَلَ الْحَجَّاجُ لِقِتَالِ ابْنِ الزُّبَيْرِ قَالَا لَا يَضُرُّكَ أَنْ لَا تَحُجَّ الْعَامَ فَإِنَّا نَخْشَى أَنْ يَكُونَ بَيْنَ النَّاسِ قِتَالٌ يُحَالُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْبَيْتِ قَالَ فَإِنْ حِيلَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فَعَلْتُ كَمَا

**2151:** نافع نے بیان کیا کہ عبداللہ بن عبداللہ اور سالم بن عبداللہ دونوں نے حضرت عبداللہؓ (بن عمرؓ) سے بات کی۔ جب حجاج نے ابن زبیرؓ سے جنگ کرنے کے لئے پڑاؤ کیا۔ ان دونوں نے (حضرت ابن عمرؓ سے) کہا اگر آپؓ اس سال حج نہ کریں تو کوئی حرج نہیں کیونکہ ہم ڈرتے ہیں کہ لوگوں کے درمیان جنگ ہوگی اور آپؓ کے اور بیت اللہ کے درمیان روک ڈال دی جائے گی۔ انہوں نے کہا اگر میرے

**2151 :اطراف:** **مسلم** کتاب الحج باب بیان جواز التحلل بالاحصار وجواز القران 2150، 2152

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب طواف القارن 1639، 1640 باب من اشتری الھدی من الطریق 1693 باب من اشتری ھدیه من الطریق وقلدھا 1708باب اذا أحصر المعتمر 1806 ، 1807 ، 1808 ، 1809 باب الاحصار فی الحج 1810 باب النحر قبل الحلق فی الحصر 1812 باب من قال لیس علی المحصر بدل 1813 کتاب المغازی باب غزوۃ الحدیبیه 4183 ، 4184 ،4185 **نسائی** کتاب مناسک الحج اذا أھل بعمرۃ ھل یجعل معھا حجًا 2746 فیمن أحصر بعدو 2859 طواف القارن 2932 ، 2933

فَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ حِينَ حَالَتْ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً فَانْطَلَقَ حَتَّى أَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ فَلَبَّى بِالْعُمْرَةِ ثُمَّ قَالَ إِنْ خُلِّيَ سَبِيلِي قَضَيْتُ عُمْرَتِي وَإِنْ حِيلَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فَعَلْتُ كَمَا فَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ ثُمَّ تَلَا لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ثُمَّ سَارَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِظَهْرِ الْبَيْدَاءِ قَالَ مَا أَمْرُهُمَا إِلَّا وَاحِدٌ إِنْ حِيلَ بَيْنِي وَبَيْنَ الْعُمْرَةِ حِيلَ بَيْنِي وَبَيْنَ الْحَجِّ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ حَجَّةً مَعَ عُمْرَةٍ فَانْطَلَقَ حَتَّى ابْتَاعَ بِقُدَيْدٍ هَدْيًا ثُمَّ طَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ لَمْ يَحِلَّ مِنْهُمَا حَتَّى حَلَّ مِنْهُمَا بِحَجَّةٍ يَوْمَ النَّحْرِ و حَدَّثَنَاه ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ قَالَ أَرَادَ ابْنُ عُمَرَ الْحَجَّ حِينَ نَزَلَ الْحَجَّاجُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ هَذِهِ الْقِصَّةِ وَقَالَ فِي آخِرِ الْحَدِيثِ وَكَانَ يَقُولُ مَنْ جَمَعَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ كَفَاهُ طَوَافٌ وَاحِدٌ وَلَمْ يَحِلَّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا [2991,2990]

اور اس (بیت اللہ) کے درمیان روک ڈالی گئی تو میں ویسا ہی کروں گا جیسا رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا اور میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا جب کفار قریش آپؐ کے اور بیت اللہ کے درمیان حائل ہو گئے تھے۔ میں تمہیں گواہ ٹھہراتا ہوں کہ میں نے (اپنے اوپر) عمرہ واجب کر لیا ہے۔ پھر وہ چل پڑے یہانتک کہ ذوالحلیفہ پہنچے اور انہوں نے عمرہ کے لئے (احرام باندھ کر) تلبیہ کہنا شروع کیا پھر کہا اگر میرے لئے راستہ کھلا رہنے دیا گیا تو میں عمرہ کروں گا اور اگر میرے اور بیت اللہ کے درمیان روک پیدا کی گئی تو میں ویسا ہی کروں گا جیسے رسول اللہ ﷺ نے کیا جبکہ میں آپؐ کے ساتھ تھا۔ پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی: لَقَدْ كَانَ لَكُمْ... یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے (احزاب:22) پھر آپؓ چلتے رہے یہانتک کہ بیداء پر پہنچے تو کہا ان دونوں حج وعمرہ کی ایک ہی بات ہے۔ اگر میرے اور عمرہ کے درمیان کوئی روک حائل ہوئی تو میرے اور حج کے درمیان بھی حائل ہوگی۔ میں تمہیں گواہ ٹھہراتا ہوں کہ میں نے اپنے اوپر حج کو عمرہ کے ساتھ واجب کیا ہے۔ پھر آپؓ چلے یہانتک کہ آپؓ نے قدید مقام سے قربانی خریدی۔ پھر انہوں نے حج وعمرہ ان دونوں کے لئے بیت اللہ کا ایک ہی طواف کیا اور صفا مروہ کے درمیان سعی کی۔ پھر ان دونوں کا احرام نہ

کھولا یہانتک کہ انہوں نے قربانی کے دن حج کی تکمیل کے بعدان دونوں کا احرام کھول دیا۔
ایک اور روایت میں ہے حضرت ابن عمرؓ نے اس سال حج کا ارادہ کیا جب حجاج نے حضرت ابن زبیرؓ (سے جنگ) کے لئے پڑاؤ کیا۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہی ہے مگر اس روایت کے آخر میں یہ ہے کہ وہ (حضرت ابن عمرؓ) کہا کرتے تھے جو حج اور عمرہ جمع کرے اس کے لئے ایک ہی طواف کافی ہے اور وہ احرام نہ کھولے گا یہانتک کہ ان دونوں کا اکٹھا احرام کھولے۔

**2152** {182} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَرَادَ الْحَجَّ عَامَ نَزَلَ الْحَجَّاجُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ فَقِيلَ لَهُ إِنَّ النَّاسَ كَائِنٌ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ وَإِنَّا نَخَافُ أَنْ يَصُدُّوكَ فَقَالَ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ أَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِظَاهِرِ الْبَيْدَاءِ قَالَ مَا شَأْنُ

**2152:** نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے اس سال حج کا ارادہ کیا جس سال حجاج نے حضرت ابن زبیرؓ (سے جنگ) کے لئے ڈیرے ڈالے۔ ان سے کہا گیا کہ لوگوں کے درمیان لڑائی ہونے والی ہے اور ہمیں ڈر ہے کہ لوگ آپؓ کو روک دیں گے۔ انہوں نے اس آیت کی تلاوت کی: **لَقَدْ كَانَ لَكُمْ** ... یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسولؐ میں نیک نمونہ ہے (احزاب: 22) (اور کہا) میں ویسا ہی کروں گا جیسے رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا۔ میں تمہیں گواہ ٹھہراتا ہوں کہ میں نے (اپنے اوپر) عمرہ واجب کرلیا ہے۔

---

**2152 : اطراف:** **مسلم** کتاب الحج باب بیان جواز التحلل بالاحصار وجواز القران 2150، 2151

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب طواف القارن 1639، 1640 باب من اشتری الهدی من الطریق 1693 باب من اشتری هدیه من الطریق وقلدها 1708 باب اذا أحصر المعتمر 1806، 1807، 1808، 1809 باب الاحصار فی الحج 1810 باب النحر قبل الحلق فی الحصر 1812 باب من قال لیس علی المحصر بدل 1813 کتاب المغازی باب غزوة الحدیبیه 4183، 4184، 4185 **نسائی** کتاب مناسک الحج اذا أهل بعمرة هل یجعل معها حجًا 2746 فیمن أحصر بعدو 2859 طواف القارن 2932، 2933

الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ إِلَّا وَاحِدٌ اشْهَدُوا قَالَ ابْنُ رُمْحٍ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ حَجًّا مَعَ عُمْرَتِي وَأَهْدَى هَدْيًا اشْتَرَاهُ بِقُدَيْدٍ ثُمَّ انْطَلَقَ يُهِلُّ بِهِمَا جَمِيعًا حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَزِدْ عَلَى ذَلِكَ وَلَمْ يَنْحَرْ وَلَمْ يَحْلِقْ وَلَمْ يُقَصِّرْ وَلَمْ يَحْلِلْ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتَّى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ فَنَحَرَ وَحَلَقَ وَرَأَى أَنْ قَدْ قَضَى طَوَافَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ بِطَوَافِهِ الْأَوَّلِ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ كَذَلِكَ فَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ{183} حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ وَأَبُو كَامِلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنِي إِسْمَعِيلُ كِلَاهُمَا عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ وَلَمْ يَذْكُرْ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا فِي أَوَّلِ الْحَدِيثِ حِينَ قِيلَ لَهُ يَصُدُّوكَ عَنِ الْبَيْتِ قَالَ إِذَنْ أَفْعَلُ كَمَا فَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي آخِرِ الْحَدِيثِ هَكَذَا فَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا ذَكَرَهُ اللَّيْثُ[2993,2992]

پھر آپؓ باہر نکلے یہاںتک کہ بیداء کے میدان میں پہنچے اور کہا حج اور عمرہ کی ایک ہی بات ہے۔آپؓ نے کہا گواہ رہنا میں نے اپنے عمرہ کے ساتھ حج واجب کرلیا ہے{راوی ابن رُمح کی روایت میں اِشْهَدُوا کی بجائے أُشْهِدُكُمْ کے الفاظ ہیں}اور وہ ان دونوں (حج اور عمرہ) کا تلبیہ کہتے ہوئے چلے۔اور وہ قربانی جو قدید سے خریدی تھی ساتھ لے گئے یہاںتک کہ مکہ آئے اور بیت اللہ اور صفا مروہ کا طواف کیا اور اس سے زیادہ نہیں کیا اور قربانی نہیں کی اور سر نہیں منڈوایا اور نہ بال کٹوائے اور نہ ہی کوئی چیز آپ کے لئے حلال ہوئی جو آپ کے لئے حرام ہوئی تھی یہاںتک کہ قربانی کا دن آگیا۔آپؓ نے قربانی کی اور سر منڈوایا اور ان کی رائے یہ تھی کہ انہوں نے پہلے طواف کی صورت میں ہی حج اور عمرہ کے طواف کی ادائیگی کرلی تھی۔اور حضرت ابن عمرؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایسے ہی کیا تھا۔

ایک اور روایت میں (يَصُدُّوكَ کی بجائے) يَصُدُّوكَ عَنِ الْبَيْتِ اور (اَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ کی بجائے) اِذَنْ اَفْعَلُ كَمَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ کے الفاظ ہیں جبکہ روایت کے آخر میں هَكَذَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ کے الفاظ نہیں ہیں۔

## [27] 27: بَاب فِي الْإِفْرَادِ وَالْقِرَانِ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

## حج مفرد اور حج اور عمرہ کو ملانے (حج قران) کا بیان☆

2153 {184} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَوْنٍ الْهِلَالِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِي رِوَايَةِ يَحْيَى قَالَ أَهْلَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ مُفْرَدًا وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ عَوْنٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ بِالْحَجِّ مُفْرَدًا [2994]

**2153:** یحیٰی کی روایت میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے کہا ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج مفرد کا احرام باندھا۔

اور ابن عون کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حج مفرد کا احرام باندھا۔

2154 {185} و حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ بَكْرٍ عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ

**2154:** حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے نبی ﷺ کو حج اور عمرہ کے لئے اکٹھے (احرام باندھے) تلبیہ کہتے ہوئے سنا۔ بکر کہتے ہیں میں

☆حج اور عمرہ کی عبادت کے چار طریق ہیں۔
1۔ایک شخص حج کی نیت سے احرام باندھے اور حج کرکے احرام کھول دے اس کو حج مفرد کہتے ہیں۔حج مفرد میں قربانی واجب نہیں۔
2۔ایک شخص صرف عمرہ کی نیت سے احرام باندھے اور عمرہ ادا کرکے احرام کھول دے۔
3۔ایک شخص عمرہ کی نیت سے احرام باندھے اور عمرہ کرنے کے بعد احرام کھول دے۔ پھر حج کا احرام مکہ سے ہی باندھے اور حج کرنے کے بعد احرام کھولے۔اس کو حج تمتع کہتے ہیں۔حج تمتع میں قربانی واجب ہے۔
4:ایک شخص میقات پر عمرہ اور حج، دونوں کے لئے احرام باندھے اور قربانی اپنے ساتھ لایا ہو۔ وہ مکہ پہنچ کر بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کی سعی کرے۔اس کے بعد حالت احرام میں ہی رہے اور منیٰ، مزدلفہ، عرفات میں مناسک حج پوری طرح ادا کرنے کے بعد احرام کھول دے۔اس کو حجِ قِران کہتے ہیں۔

**2153 :اطراف :مسلم:** كتاب الحج باب بيان وجوه الاحرام وانه يجوز افراد الحج والتمتع... 2104، 2119

**تخريج: بخاری** كتاب الحج باب التمتع والقِران والافراد بالحج ... 1568 ابوداود كتاب الحج باب عمرة التنعيم 1785

**2154 :اطراف:مسلم** كتاب الحج باب الافراد والقِران 2155

**تخريج: بخاری** كتاب الحج باب التحميد والتسبيح والتكبير قبل الاهلال عندالركوب على الدابة 1551، باب من أهل فى زمن النبى ﷺ كاهلال النبى ﷺ 1558 كتاب المغازى بعث على بن ابى طالب وخالد ابن وليد رضى الله عنهما الى يمن قبل حجة الوداع 4354 **ترمذى** كتاب الحج باب ما جاء فى الجمع بين الحج والعمرة 821 **نسائى** مناسك الحج القران 2729، 2730، 2731 **ابو داود** كتاب المناسك باب فى القران 1795، 1796 **ابن ماجه** كتاب المناسك باب من قرن الحج والعمرة 2928، 2969

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ جَمِيعًا قَالَ بَكْرٌ فَحَدَّثْتُ بِذَلِكَ ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ لَبَّى بِالْحَجِّ وَحْدَهُ فَلَقِيتُ أَنَسًا فَحَدَّثْتُهُ بِقَوْلِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ أَنَسٌ مَا تَعُدُّونَنَا إِلَّا صِبْيَانًا سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَحَجًّا[2995]

نے یہ بات حضرت ابن عمرؓ کے پاس بیان کی تو انہوں نے کہا آپؐ نے صرف حج کا (احرام باندھ کر) تلبیہ کہا تھا۔ پھر میں حضرت انسؓ سے ملا اور انہیں حضرت ابن عمرؓ کی بات بتائی تو حضرت انسؓ نے کہا تم ہمیں محض بچے ہی سمجھتے ہو۔ میں نے خود رسول اللہ ﷺ کو عمرہ اور حج (دونوں کے احرام) کے ساتھ لبیک کہتے سنا ہے۔

2155 {186} و حَدَّثَنِي أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامَ الْعَيْشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ الشَّهِيدِ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا أَنَسٌ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَهُمَا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ قَالَ فَسَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ أَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ فَرَجَعْتُ إِلَى أَنَسٍ فَأَخْبَرْتُهُ مَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَقَالَ كَأَنَّمَا كُنَّا صِبْيَانًا[2996]

**2155:** حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ انہوں نے نبی ﷺ کو حج اور عمرہ کو جمع کرتے ہوئے دیکھا تھا۔ وہ (راوی بکر) کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عمرؓ سے پوچھا انہوں نے کہا ہم نے صرف حج کا احرام باندھا تھا پھر میں حضرت انسؓ کے پاس واپس گیا اور جو حضرت ابن عمرؓ نے کہا تھا انہیں بتایا وہ کہنے لگے گویا ہم تو بچے ہی تھے!

## [28]28: بَاب مَا يَلْزَمُ مَنْ أَحْرَمَ بِالْحَجِّ ثُمَّ قَدِمَ مَكَّةَ مِنَ الطَّوَافِ وَالسَّعْيِ

## جو حج کا احرام باندھے اور مکہ آئے اس کے لئے طواف اور سعی میں سے کیا لازمی ہے؟

2156 {187} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْثَرٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ

**2156:** وبرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ ان کے

**2155 :اطراف:** مسلم کتاب الحج باب الافراد والقران 2154

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التحمید والتسبیح والتکبیر قبل الاهلال عندالرکوب علی الدابة 1551، باب من أهل فی زمن النبی ﷺ کاهلال النبی ﷺ 1558 کتاب المغازی بعث علی بن ابی طالب وخالد ابن ولید رضی الله عنهما الی یمن قبل حجة الوداع 4354 **ترمذی** کتاب الحج باب ما جاء فی الجمع بین الحج والعمرة 821 **نسائی** مناسک الحج القران 2729، 2730، 2731 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی القران 1795، 1796 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب من قرن الحج والعمرة 2928، 2969

**2156 :اطراف:** مسلم کتاب الحج باب ما یلزم من أحرم بالحج ثم قدم مکة 2157

وَبَرَةَ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ أَيَصْلُحُ لِي أَنْ أَطُوفَ بِالْبَيْتِ قَبْلَ أَنْ آتِيَ الْمَوْقِفَ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ فَإِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ لَا تَطُفْ بِالْبَيْتِ حَتَّى تَأْتِيَ الْمَوْقِفَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ فَقَدْ حَجَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَ الْمَوْقِفَ فَبِقَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَقُّ أَنْ تَأْخُذَ أَوْ بِقَوْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِنْ كُنْتَ صَادِقًا [2997]

پاس ایک شخص آیا۔ اس نے کہا کیا میرے لئے درست ہے کہ میں (موقف میں) آنے سے پہلے بیت اللہ کا طواف کروں؟ انہوں نے کہا ہاں۔ اس پر وہ کہنے لگا حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں تم بیت اللہ کا طواف نہ کرو یہاںتک کہ تم موقف میں پہنچو۔ اس پر حضرت ابن عمرؓ نے کہا رسول اللہ ﷺ نے حج کیا تو موقف آنے سے پہلے بیت اللہ کا طواف کیا۔ پس رسول اللہ ﷺ زیادہ حق دار ہیں کہ تم ان کی بات پر عمل کرو یا حضرت ابن عباسؓ کی بات، اگر تم درست کہہ رہے ہو۔

2157 {188} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ بَيَانٍ عَنْ وَبَرَةَ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَطُوفُ بِالْبَيْتِ وَقَدْ أَحْرَمْتُ بِالْحَجِّ فَقَالَ وَمَا يَمْنَعُكَ قَالَ إِنِّي رَأَيْتُ ابْنَ فُلَانٍ يَكْرَهُهُ وَأَنْتَ أَحَبُّ إِلَيْنَا مِنْهُ رَأَيْنَاهُ قَدْ فَتَنَتْهُ الدُّنْيَا فَقَالَ وَأَيُّنَا أَوْ أَيُّكُمْ لَمْ تَفْتِنْهُ الدُّنْيَا ثُمَّ قَالَ رَأَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْرَمَ بِالْحَجِّ وَطَافَ بِالْبَيْتِ وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَسُنَّةُ اللَّهِ وَسُنَّةُ رَسُولِهِ

**2157**: وبرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک شخص نے حضرت ابن عمرؓ سے پوچھا کیا میں بیت اللہ کا طواف کروں جبکہ میں نے حج کا احرام باندھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا تمہیں کون سی چیز منع کرتی ہے۔ وہ کہنے لگا میں نے فلاں کے بیٹے کو دیکھا ہے وہ اسے ناپسند کرتا ہے اور آپ ہمیں اس سے زیادہ عزیز ہیں۔ ہم نے اسے دیکھا کہ دنیا نے اسے آزمائش میں ڈال دیا ہے۔ وہ کہنے لگے ہم میں سے کون ہے یا تم میں سے کون ہے جسے دنیا نے آزمائش میں نہیں ڈالا۔ پھر کہا ہم نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ

=**تخریج**: نسائی مناسک الحج طواف من افراد الحج 2929

**2157 :اطراف**: مسلم کتاب الحج باب ما یلزم من أحرم بالحج ثم قدم مکة 2156

**تخریج**: نسائی مناسک الحج طواف من افراد الحج 2929

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَقُّ أَنْ تَتَّبِعَ مِنْ سُنَّةِ فُلَانٍ إِنْ كُنْتَ صَادِقًا [2998]

نے حج کا احرام باندھا اور بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی ۔ پس اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی سنت زیادہ حق رکھتی ہے کہ تم فلاں کی بات کی نسبت اس کی پیروی کرو اگر تم سچ کہہ رہے ہو۔

2158 {189} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ سَأَلْنَا ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ قَدِمَ بِعُمْرَةٍ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ أَيَأْتِي امْرَأَتَهُ فَقَالَ قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعًا وَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ جَمِيعًا عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ [3000,2999]

**2158:** عمرو بن دینار سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم نے حضرت ابن عمرؓ سے اس شخص کے بارہ میں پوچھا جو عمرہ کے لئے آئے اور بیت اللہ کا طواف کرے اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہ کرے۔ کیا وہ اپنی بیوی کے پاس آ سکتا ہے؟ وہ کہنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ مکہ تشریف لائے اور آپؐ نے بیت اللہ کے سات چکر لگائے۔ اور مقام (ابراہیم) کے پیچھے دو رکعت نماز پڑھی اور صفا مروہ کے درمیان سات چکر لگائے اور یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسولؐ میں بہترین نمونہ ہے۔

**2158 : تخریج: بخاری** کتاب الصلاة باب قوله تعالیٰ واتخذوا من مقام ابراهيم مصلى 396 کتاب الحج باب صلى النبی ﷺ لسبوعه رکعتين 1623 ، 1624 باب من صلى ركعتي الطواف خلف المقام 1627 باب ما جاء فی السعی بين الصفا والمروة 1644، 1645 ، 1646 ، 1648 **نسائی** مناسک الحج طواف من افراد الحج 2929 طواف من أهل بعمرة 2930 این یصلی رکعتی الطواف 2960 القول بعد رکعتی الطواف 2961 ، 2962 ذکر خروج النبی ﷺ الى الصفا من الباب الذی یخرج منه 2966 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1805 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الرکعتین بعدالطواف 2959

## [29]29:بَاب مَا يَلْزَمُ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ وَسَعَى مِنَ الْبَقَاءِ عَلَى الْإِحْرَامِ وَتَرْكِ التَّحَلُّلِ

## جوشخص بیت اللہ کا طواف اور (صفامروہ کے درمیان) سعی کرے اس پر احرام کی پابندیوں سے کیا برقرار رہے گا اور احرام نہ کھولنے کا بیان

2159 {190} حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو وَهُوَ ابْنُ الْحَارِثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ قَالَ لَهُ سَلْ لِي عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ عَنْ رَجُلٍ يُهِلُّ بِالْحَجِّ فَإِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ أَيَحِلُّ أَمْ لَا فَإِنْ قَالَ لَكَ لَا يَحِلُّ فَقُلْ لَهُ إِنَّ رَجُلًا يَقُولُ ذَلِكَ قَالَ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ لَا يَحِلُّ مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ إِلَّا بِالْحَجِّ قُلْتُ فَإِنَّ رَجُلًا كَانَ يَقُولُ ذَلِكَ قَالَ بِئْسَ مَا قَالَ فَتَصَدَّانِي الرَّجُلُ فَسَأَلَنِي فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ فَقُلْ لَهُ فَإِنَّ رَجُلًا كَانَ يُخْبِرُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلَ ذَلِكَ وَمَا شَأْنُ أَسْمَاءَ وَالزُّبَيْرِ قَدْ فَعَلَا ذَلِكَ قَالَ فَجِئْتُهُ فَذَكَرْتُ لَهُ ذَلِكَ فَقَالَ مَنْ هَذَا فَقُلْتُ لَا أَدْرِي قَالَ فَمَا بَالُهُ لَا يَأْتِينِي بِنَفْسِهِ يَسْأَلُنِي أَظُنُّهُ عِرَاقِيًّا قُلْتُ لَا أَدْرِي قَالَ فَإِنَّهُ قَدْ كَذَبَ قَدْ

**2159**:محمد بن عبدالرحمان سے روایت ہے اہلِ عراق میں سے ایک شخص نے انہیں کہا میری خاطر عروہ بن زبیر سے اس شخص کے بارہ میں پوچھئے جو حج کا احرام باندھتا ہے کہ جب وہ بیت اللہ کا طواف کرلے تو کیا وہ احرام کھول دے یا نہیں؟ اگر وہ تمہیں کہیں کہ احرام نہ کھولے تو تم اسے کہنا ایک شخص ایسا کہتا ہے (کہ احرام کھولے)۔ راوی کہتے ہیں میں نے ان سے پوچھا تو وہ کہنے لگے جس شخص نے حج کا احرام باندھا ہے وہ احرام نہ کھولے سوائے اس کے کہ اس نے حج کرلیا ہو۔ میں نے کہا ایک شخص تو یہ کہا کرتے تھے کہ (کہ وہ احرام کھول دے) انہوں نے کہا اس نے بہت ہی بری بات کی ہے ۔ پھر وہ (سائل) شخص مجھے ملا۔ اس نے مجھ سے پوچھا تو میں نے اس کو بتا دیا۔ اس نے کہا تم ان سے کہو کہ ایک شخص یہ روایت کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا کیا تھا۔ اور کیا بات تھی کہ اسماءؓ اور زبیرؓ نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔ وہ کہتے ہیں میں ان (عروہ بن زبیر) کے

2159 :تخریج: بخاری کتاب الحج باب من طاف بالبیت اذا قدم مکة قبل ان یرجع الی بیته ثم صلی رکعتین ... 1615

حَجَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ حِينَ قَدِمَ مَكَّةَ أَنَّهُ تَوَضَّأَ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ حَجَّ أَبُو بَكْرٍ فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ يَكُنْ غَيْرُهُ ثُمَّ عُمَرُ مِثْلُ ذَلِكَ ثُمَّ حَجَّ عُثْمَانُ فَرَأَيْتُهُ أَوَّلُ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ يَكُنْ غَيْرُهُ ثُمَّ مُعَاوِيَةُ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ ثُمَّ حَجَجْتُ مَعَ أَبِي الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ يَكُنْ غَيْرُهُ ثُمَّ رَأَيْتُ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارَ يَفْعَلُونَ ذَلِكَ ثُمَّ لَمْ يَكُنْ غَيْرُهُ ثُمَّ آخِرُ مَنْ رَأَيْتُ فَعَلَ ذَلِكَ ابْنُ عُمَرَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُضْهَا بِعُمْرَةٍ وَهَذَا ابْنُ عُمَرَ عِنْدَهُمْ أَفَلَا يَسْأَلُونَهُ وَلَا أَحَدٌ مِمَّنْ مَضَى مَا كَانُوا يَبْدَءُونَ بِشَيْءٍ حِينَ يَضَعُونَ أَقْدَامَهُمْ أَوَّلَ مِنَ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَا يَحِلُّونَ وَقَدْ رَأَيْتُ أُمِّي وَخَالَتِي حِينَ تَقْدَمَانِ لَا تَبْدَأَانِ بِشَيْءٍ أَوَّلَ مِنَ الْبَيْتِ تَطُوفَانِ بِهِ ثُمَّ لَا تَحِلَّانِ وَقَدْ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي أَنَّهَا أَقْبَلَتْ هِيَ وَأُخْتُهَا وَالزُّبَيْرُ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ بِعُمْرَةٍ قَطُّ فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا وَقَدْ كَذَبَ فِيمَا ذَكَرَ مِنْ ذَلِكَ[3001]

پاس آیا اور ان سے یہ ذکر کیا۔ تو وہ کہنے لگے یہ (سائل) کون شخص ہے؟ میں نے کہا میں نہیں جانتا۔ وہ کہنے لگے اسے کیا ہوا ہے کہ وہ خود میرے پاس سوال کرنے نہیں آتا۔ میرا خیال ہے وہ کوئی عراقی ہے۔ میں نے کہا میں تو نہیں جانتا۔ وہ کہنے لگے یقیناً وہ غلط کہتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے حج کیا تھا اور حضرت عائشہؓ نے مجھ سے بیان کیا ہے کہ جب آپؐ مکہ تشریف لائے تو جس چیز سے آپؐ نے ابتداء کی یہ تھی کہ آپؐ نے وضوء کیا۔ پھر بیت اللہ کا طواف کیا۔ پھر حضرت ابوبکرؓ نے (اپنے زمانہ خلافت میں) حج کیا تو سب سے پہلے آپؓ نے بیت اللہ کا طواف کیا اور اس کے علاوہ کچھ نہیں ہوا۔ پھر حضرت عمرؓ نے بھی اس طرح کیا۔ پھر حضرت عثمانؓ نے حج کیا۔ میں نے دیکھا کہ انہوں نے سب سے پہلے بیت اللہ کا طواف کیا پھر اس کے علاوہ کچھ نہیں ہوا پھر امیر معاویہؓ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بھی ایسا ہی کیا۔ پھر میں نے اپنے والد زبیرؓ بن العوام کے ساتھ حج کیا تو سب سے پہلا کام جو انہوں نے کیا بیت اللہ کا طواف تھا اور اس کے سوا کچھ نہیں ہوا اور پھر میں نے مہاجرینؓ اور انصارؓ کو اسی طرح کرتے دیکھا۔ پھر اس کے علاوہ کچھ نہیں ہوا اور سب سے آخر میں میں نے جسے یہ کرتے دیکھا وہ حضرت ابن عمرؓ تھے۔ انہوں نے عمرہ سے اس کو ختم نہیں کیا۔

حضرت ابن عمرؓ اُن کے پاس موجود ہیں۔ وہ کیوں ان سے پوچھتے نہیں اور نہ ہی ان میں سے کسی کو جو پہلے گزر چکے ہیں کہ وہ جب اپنے قدم ( مکہ میں ) رکھتے تھے تو بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے کچھ نہ کرتے تھے۔ وہ (احرام) نہیں کھولتے تھے میں نے اپنی ماں اور خالہ کو بھی دیکھا ہے کہ جب وہ مکہ آئیں تھیں تو وہ دونوں بیت اللہ کے طواف کے علاوہ کسی چیز سے شروع نہیں کرتی تھیں اور طواف کے بعد احرام نہیں کھولتی تھیں اور مجھے میری والدہ نے بتایا کہ وہ اور ان کی بہن اور حضرت زبیرؓ اور فلاں اور فلاں صرف عمرہ کے ارادہ سے آئے۔ پھر جب انہوں نے (طواف کے بعد) رکن یمانی کو چھوا تو احرام کھول دیا اور اس نے جو بھی اس بارہ میں کہا ہے غلط کہا ہے۔

2160 {191} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أُمِّهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَتْ خَرَجْنَا مُحْرِمِينَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَقُمْ عَلَى إِحْرَامِهِ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ

**2160:** حضرت اسماءؓ بنت ابی بکرؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں ہم احرام باندھ کر نکلے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کے ساتھ قربانی ہو وہ اپنا احرام باندھے رکھے اور جس کے ساتھ قربانی نہیں وہ احرام کھول دے۔ حضرت زبیرؓ کے ساتھ قربانی تھی انہوں نے احرام نہ کھولا۔ میرے پاس قربانی نہیں تھی اس لئے میں نے احرام کھول دیا۔ میں نے اپنے کپڑے پہنے، پھر میں نکلی اور (اپنے شوہر) حضرت زبیرؓ کے ساتھ بیٹھ گئی۔ انہوں نے کہا

**2160 :تخریج:** نسائی مناسک الحج باب ما يفعل من اهل بعمرة وأهدى 2962 ما يفعل من أهل بالحج وأهدى 2992 ابن ماجه كتاب المناسك باب فسخ الحجّ 2983

مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحْلِلْ فَلَمْ يَكُنْ مَعِي هَدْيٌ فَحَلَلْتُ وَكَانَ مَعَ الزُّبَيْرِ هَدْيٌ فَلَمْ يَحْلِلْ قَالَتْ فَلَبِسْتُ ثِيَابِي ثُمَّ خَرَجْتُ فَجَلَسْتُ إِلَى الزُّبَيْرِ فَقَالَ قُومِي عَنِّي فَقُلْتُ أَتَخْشَى أَنْ أَثِبَ عَلَيْكَ {192} و حَدَّثَنِي عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الْمُغِيرَةُ بْنُ سَلَمَةَ الْمَخْزُومِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أُمِّهِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَتْ قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ جُرَيْجٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَقَالَ اسْتَرْخِي عَنِّي اسْتَرْخِي عَنِّي فَقُلْتُ أَتَخْشَى أَنْ أَثِبَ عَلَيْكَ[3003,3002,3001]

میرے پاس سے اُٹھ جاؤ۔ میں نے کہا کیا تم ڈرتے ہو کہ میں تم پر کود پڑوں گی۔

ایک اور روایت میں حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ سے مروی ہے وہ کہتی ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کا احرام باندھ کر آئے ۔۔۔ باقی روایت ابن جریج کی روایت کے مطابق ہے سوائے اس کے کہ اس میں (قُومِیْ عَنِّی کی بجائے) اِسْتَرْخِیْ عَنِّیْ اِسْتَرْخِیْ عَنِّیْ کے الفاظ ہیں یعنی مجھ سے دور ہو جاؤ۔ مجھ سے دور ہو جاؤ۔

2161 {193} وحَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ عِيسَى قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ مَوْلَى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا حَدَّثَهُ أَنَّهُ كَانَ يَسْمَعُ أَسْمَاءَ كُلَّمَا مَرَّتْ بِالْحَجُونِ تَقُولُ صَلَّى اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ نَزَلْنَا مَعَهُ هَاهُنَا وَنَحْنُ يَوْمَئِذٍ خِفَافُ الْحَقَائِبِ قَلِيلٌ

**2161**: ابوالاسود سے روایت ہے کہ حضرت اسماء بنت ابو بکرؓ کے آزاد کردہ غلام عبداللہ نے انہیں بتایا کہ وہ حضرت اسماءؓ سے سنا کرتے تھے کہ جب کبھی وہ حَجُون سے گزرتیں تو وہ کہتیں صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ وَسَلَّمَ اللہ اپنے رسولؐ پر رحمتیں اور سلام بھیجے۔ ہم آپؐ کے ساتھ یہاں اترے۔ اس دن ہمارے سامان ہلکے تھے۔ سواریاں تھوڑی تھیں اور زادِ راہ کم تھا۔ پس میں اور میری بہن حضرت عائشہؓ

**2161** : **تخریج: بخاری** کتاب الحج باب متی یحل المعتمر 1796 باب من طاف بالبیت اذا قدم المکة 1614، 1615 باب الطواف علی وضوء 1641 ، 1642

ظَهْرُنَا قَلِيلَةٌ أَزْوَادُنَا فَاعْتَمَرْتُ أَنَا وَأُخْتِي عَائِشَةُ وَالزُّبَيْرُ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ فَلَمَّا مَسَحْنَا الْبَيْتَ أَحْلَلْنَا ثُمَّ أَهْلَلْنَا مِنَ الْعَشِيِّ بِالْحَجِّ قَالَ هَارُونُ فِي رِوَايَتِهِ أَنَّ مَوْلَى أَسْمَاءَ وَلَمْ يُسَمِّ عَبْدَ اللَّهِ[3004]

حضرت زبیرؓ اور فلاں اور فلاں نے عمرہ کیا۔ جب ہم نے بیت اللہ کا طواف کر لیا تو ہم نے احرام کھول دیا۔ پھر ہم نے سہ پہر کو حج کا احرام باندھا۔
ہارون کی روایت میں حضرت اسماءؓ کے آزاد کردہ غلام کا ذکر ہے مگر اس کے نام ''عبداللہ'' کا ذکر نہیں۔

## [30]30:بَاب فِي مُتْعَةِ الْحَجِّ

## حج تمتع کے بارہ میں بیان

2162 {194} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُسْلِمٍ الْقُرِّيِّ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنْ مُتْعَةِ الْحَجِّ فَرَخَّصَ فِيهَا وَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَنْهَى عَنْهَا فَقَالَ هَذِه أُمُّ ابْنِ الزُّبَيْرِ تُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِيهَا فَادْخُلُوا عَلَيْهَا فَاسْأَلُوهَا قَالَ فَدَخَلْنَا عَلَيْهَا فَإِذَا امْرَأَةٌ ضَخْمَةٌ عَمْيَاءُ فَقَالَتْ قَدْ رَخَّصَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا {195} و حَدَّثَنَاه ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ ح و حَدَّثَنَاه ابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ جَمِيعًا عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَاد فَأَمَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَفِي حَدِيثِه الْمُتْعَةُ وَلَمْ يَقُلْ مُتْعَةُ الْحَجِّ وَأَمَّا ابْنُ جَعْفَرٍ فَقَالَ قَالَ شُعْبَةُ

**2162:** مُسْلِم قُرّی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے حج تمتع کے بارہ میں پوچھا تو انہوں نے اس کی اجازت دی جبکہ حضرت ابن زبیرؓ اس سے منع کرتے تھے۔ انہوں نے کہا یہ حضرت ابن زبیرؓ کی والدہ موجود ہیں۔ وہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی اجازت دی تھی۔ تم ان کے پاس جا کر خود ان سے پوچھ لو۔ راوی کہتے ہیں ہم ان کے پاس گئے تو کیا دیکھا کہ وہ بھاری بھر کم نابینا خاتون ہیں۔ وہ کہنے لگیں رسول اللہ ﷺ نے اس کی اجازت دی تھی۔
ایک اور روایت شعبہ سے اسی طرح مروی ہے مگر (راوی) عبدالرحمٰن کی روایت میں ''اَلْمُتْعَةُ'' کا لفظ تو ہے مگر اس میں ''مُتْعَةُ الْحَجِّ'' کے الفاظ نہیں جبکہ (راوی) ابن جعفر کہتے ہیں کہ مسلم (قُرِّی) نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم اس سے مراد''

قَالَ مُسْلِمٌ لَا أَدْرِي مُتْعَةُ الْحَجِّ أَوْ مُتْعَةُ النِّسَاءِ[3006,3005]

مُتْعَةُ الْحَج ''ہے یا ''مُتْعَةُ النِّسَاء'' ہے۔

2163 {196} و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ الْقُرِّيُّ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ أَهَلَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُمْرَةٍ وَأَهَلَّ أَصْحَابُهُ بِحَجٍّ فَلَمْ يَحِلَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا مَنْ سَاقَ الْهَدْيَ مِنْ أَصْحَابِهِ وَحَلَّ بَقِيَّتُهُمْ فَكَانَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ فِيمَنْ سَاقَ الْهَدْيَ فَلَمْ يَحِلَّ {197} و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَكَانَ مِمَّنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ الْهَدْيُ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ وَرَجُلٌ آخَرُ فَأَحَلَّا[3008,3007]

2163: مُسْلِم قُرّی بیان کرتے ہیں انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو کہتے سنا کہ نبی ﷺ نے عمرہ کا احرام باندھا اور آپؐ کے صحابہ نے حج کا۔ پھر نہ تو نبی ﷺ نے احرام کھولا اور نہ ہی آپؐ کے صحابہ میں سے انہوں نے جو قربانی لائے تھے (احرام کھولا)۔ ان کے علاوہ باقی سب نے احرام کھول دیا۔
طلحہ بن عبیداللہ ان لوگوں میں سے تھے جو قربانی ساتھ لائے تھے انہوں نے بھی احرام نہیں کھولا۔
ایک اور روایت میں ہے کہ ان میں سے جن کے پاس قربانی نہیں تھی (وہ) طلحہ بن عبیداللہ اور ایک دوسرا شخص تھا۔ پس ان دونوں نے احرام کھول دیا۔

## [31]31:بَاب جَوَازِ الْعُمْرَةِ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ
## باب: حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے کا جواز

2164 {198} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ

2164: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں (کچھ لوگ) حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے کو

**2163 :تخریج: بخاری** کتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج ... 1564 کتاب التقصیر باب کم اقام النبی ﷺ فی حجته 1085 کتاب الشرکة باب الاشتراک فی الهدی والبدن ... 2505 کتاب مناقب الانصار باب ایام الجاهلیة 3832 **نسائی** کتاب المناسک اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم یسق الهدی 2814، 2815 الوقت الذی وافی فیه النبی ﷺ مکة 2870 2871 **ابوداود** کتاب المناسک باب فی افراد الحج 1783 ، 1784 باب فی القِران 1801 ، 1804 ، 1805

**2164 :اطراف: مسلم** کتاب الحج باب جواز العمرة فی أشهر الحج 2165، 2166، 2167، 2168، 2169 =

بْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانُوا يَرَوْنَ أَنَّ الْعُمْرَةَ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ مِنْ أَفْجَرِ الْفُجُورِ فِي الْأَرْضِ وَيَجْعَلُونَ الْمُحَرَّمَ صَفَرًا وَيَقُولُونَ إِذَا بَرَأَ الدَّبَرْ وَعَفَا الْأَثَرْ وَانْسَلَخَ صَفَرْ حَلَّتْ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرْ فَقَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ صَبِيحَةَ رَابِعَةٍ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوهَا عُمْرَةً فَتَعَاظَمَ ذَلِكَ عِنْدَهُمْ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُّ الْحِلِّ قَالَ الْحِلُّ كُلُّهُ [3009]

زمین پر سب سے بڑا گناہ سمجھتے تھے اور وہ مُحرّم کو صَفر قرار دیتے تھے اور کہتے جب اونٹ کی زخمی پیٹھ ٹھیک ہو جائے اور نشان مٹ جائے اور صَفر (کا مہینہ) گزر جائے تو عمرہ اس شخص کے لئے جو عمرہ کرنا چاہے جائز ہو گیا۔ نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ چار ذوالحجہ کی صبح کو احرام باندھے ہوئے حج کے لئے آئے۔ آپؐ نے انہیں ارشاد فرمایا کہ وہ اسے عمرہ بنائیں۔ تو یہ بات انہیں بہت بوجھل معلوم ہوئی۔ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! کون سا احرام کھولیں۔ آپؐ نے فرمایا مکمل احرام۔

**2165** {119} حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ الْبَرَّاءِ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ أَهَلَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ فَقَدِمَ لِأَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ فَصَلَّى الصُّبْحَ وَقَالَ لَمَّا صَلَّى الصُّبْحَ مَنْ شَاءَ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً فَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً و حَدَّثَنَاه إِبْرَاهِيمُ بْنُ دِينَارٍ حَدَّثَنَا

**2165**: ابوالعالیہ البراء سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابن عباسؓ کو کہتے سنا رسول اللہ ﷺ نے حج کا احرام باندھا۔ ذی الحجہ کی چار تاریخیں گزرنے پر آپؐ تشریف لائے اور صبح کی نماز ادا کی اور جب آپؐ نے صبح کی نماز پڑھ لی تو فرمایا کہ جو شخص اسے عمرہ بنانا چاہے تو وہ اسے عمرہ بنا لے۔
ابوشہاب کی روایت میں (أَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِالْحَجِّ کی بجائے) خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ

=**تخریج: بخاری** كتاب التقصير باب كم اقام النبى ﷺ فى حجته 1085 كتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1564 **نسائی** مناسک الحج اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم يسق الهدي 2813، 2814، 2815 الوقت الذى وافى فيه النبى ﷺ مكة 2870، 2871 **ابو داود** كتاب المناسك باب فى افراد الحج 1790، 1791، 1792

**2165: اطراف: مسلم** كتاب الحج باب جواز العمرة فى أشهر الحج 2164، 2166، 2167، 2168، 2169
**تخریج: بخاری** كتاب التقصير باب كم اقام النبى ﷺ فى حجته 1085 كتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1564 **نسائی** مناسک الحج اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم يسق الهدي 2813، 2814، 2815 الوقت الذى وافى فيه النبى ﷺ مكة 2870، 2871 **ابو داود** كتاب المناسك باب فى افراد الحج 1790، 1791، 1792

رَوْحٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الْمُبَارَكِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ كُلُّهُمْ عَنْ شُعْبَةَ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ أَمَّا رَوْحٌ وَيَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ فَقَالَا كَمَا قَالَ نَصْرٌ أَهَلَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ وَأَمَّا أَبُو شِهَابٍ فَفِي رِوَايَتِهِ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُهِلُّ بِالْحَجِّ وَفِي حَدِيثِهِمْ جَمِيعًا فَصَلَّى الصُّبْحَ بِالْبَطْحَاءِ خَلَا الْجَهْضَمِيَّ فَإِنَّهُ لَمْ يَقُلْهُ[3010,3011]

نُهِلُّ بِالْحَجِّ کے الفاظ ہیں اسی طرح (فَصَلَّى الصُّبْحَ کی بجائے) باقی سب راویوں کی روایت میں فَصَلَّى الصُّبْحَ بِالْبَطْحَاءِ کے الفاظ ہیں۔

2166 {199} و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّدُوسِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ أَخْبَرَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ الْبَرَّاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنَ الْعَشْرِ وَهُمْ يُلَبُّونَ بِالْحَجِّ فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوهَا عُمْرَةً[3012]

2166: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ (ذی الحجہ کے پہلے) عشرہ میں سے چار دن گزرنے پر تشریف لائے اور وہ حج کا تلبیہ کہہ رہے تھے۔ آپؐ نے انہیں ارشاد فرمایا کہ وہ اس کو عمرہ بنالیں۔

2167 {202} و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ

2167: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز ذی طوی (مقام) میں ادا کی اور آپؐ تشریف

**2166 :اطراف:مسلم** كتاب الحج باب جواز العمرة فى أشهر الحج 2164، 2165، 2167، 2168، 2169

**تخریج: بخاری** كتاب التقصير باب كم اقام النبى ﷺ فى حجته 1085 كتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1564 **نسائی** مناسک الحج اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم يسق الهدي 2813، 2814، 2815 الوقت الذى وافى فيه النبى ﷺ مكة 2870، 2871 **ابو داود** كتاب المناسك باب فى افراد الحج 1790، 1791، 1792

**2167 :اطراف:مسلم** كتاب الحج باب جواز العمرة فى أشهر الحج 2164، 2165، 2166، 2168، 2169 =

اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ بِذِي طَوًى وَقَدِمَ لِأَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ وَأَمَرَ أَصْحَابَهُ أَنْ يُحَوِّلُوا إِحْرَامَهُمْ بِعُمْرَةٍ إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ[3013]

لائے اور ذی الحجہ کی چار راتیں گزر گئی تھیں اور آپ ؐ نے اپنے صحابہ ؓ کو ارشاد فرمایا کہ وہ اپنے احرام عمرہ (کے احرام) سے بدل دیں سوائے اس کے جس کے پاس قربانی ہے۔

2168 {203} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ عُمْرَةٌ اسْتَمْتَعْنَا بِهَا فَمَنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ الْهَدْيُ فَلْيَحِلَّ الْحِلَّ كُلَّهُ فَإِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ[3014]

**2168**: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ عمرہ ہے جس کا ہم نے (حج کے ساتھ) فائدہ اٹھایا ہے۔ جس کے ساتھ قربانی نہیں ہے وہ پورے طور پر احرام کھول دے۔ یقیناً عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہو چکا ہے۔

2169 {204} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ

**2169**: ابو جمرہ ضُبَعی کہتے ہیں میں نے حج تمتع کیا بعض لوگوں نے مجھے اس سے منع کیا۔ میں حضرت

=**تخریج: بخاری** کتاب التقصیر باب کم اقام النبی ﷺ فی حجته 1085 کتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1564 **نسائی** مناسک الحج اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم یسق الهدی 2813، 2814، 2815 الوقت الذی وافی فیه النبی ﷺ مکة 2870 ، 2871 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی افراد الحج 1790، 1791، 1792

**2168 :اطراف:مسلم** کتاب الحج باب جواز العمرة فی أشهر الحج 2164، 2165، 2166، 2167، 2169

**تخریج: بخاری** کتاب التقصیر باب کم اقام النبی ﷺ فی حجته 1085 کتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج... 1564 **نسائی** مناسک الحج اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم یسق الهدی 2813، 2814، 2815 الوقت الذی وافی فیه النبی ﷺ مکة 2870 ، 2871 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی افراد الحج 1790، 1791، 1792

**2169 :اطراف:مسلم** کتاب الحج باب جواز العمرة فی أشهر الحج 2164، 2165، 2166، 2167، 2168 =

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَمْرَةَ الضُّبَعِيَّ قَالَ تَمَتَّعْتُ فَنَهَانِي نَاسٌ عَنْ ذَلِكَ فَأَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذَلِكَ فَأَمَرَنِي بِهَا قَالَ ثُمَّ انْطَلَقْتُ إِلَى الْبَيْتِ فَنِمْتُ فَأَتَانِي آتٍ فِي مَنَامِي فَقَالَ عُمْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ وَحَجٌّ مَبْرُورٌ قَالَ فَأَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَأَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي رَأَيْتُ فَقَالَ اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ سُنَّةُ أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[3015]

ابن عباسؓ کے پاس آیا اور آپؓ سے اس بارہ میں پوچھا۔ آپؓ نے مجھے اس کا حکم دیا۔ راوی کہتے ہیں پھر میں بیت اللہ کے پاس آیا اور سو گیا اور ایک آنے والا میری خواب میں آیا اور کہا مقبول عمرہ اور نیکی پر مشتمل حج۔ راوی کہتے ہیں میں حضرت ابن عباسؓ کے پاس آیا اور میں نے انہیں اپنی رؤیا بیان کی۔ انہوں نے کہا اللہ اکبر، اللہ اکبر۔ (یہ) حضرت ابوالقاسم ﷺ کی سنت ہے۔

## [32]32:بَاب: تَقْلِيدُ الْهَدْيِ وَإِشْعَارُهُ عِنْدَ الْإِحْرَامِ

## باب: قربانی کو گانی پہنانا اور احرام کے وقت اسے نشان لگانا

2170 {205} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ أَبِي عَدِيٍّ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي حَسَّانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ دَعَا بِنَاقَتِهِ فَأَشْعَرَهَا فِي صَفْحَةِ سَنَامِهَا الْأَيْمَنِ وَسَلَتَ الدَّمَ وَقَلَّدَهَا نَعْلَيْنِ ثُمَّ

**2170**: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ظہر کی نماز ذوالحلیفہ میں پڑھائی۔ پھر اپنی اونٹنی منگوائی اور اس کی کوہان کے دائیں پہلو میں نشان لگایا اور خون پونچھ دیا اور اس کے گلے میں دو جوتوں کی گانی پہنائی۔ پھر اپنی سواری پر سوار ہوئے۔ آپؐ کی سواری آپؐ کو لے کر بیداء مقام پر کھڑی ہوئی تو آپؐ نے حج کے لئے تلبیہ کہا ایک اور روایت میں (صَلَّى رَسُوْلُ اللهِ ﷺ

= **تخريج : بخاری** كتاب التقصير باب كم اقام النبی ﷺ فی حجته 1085 كتاب الحج باب التمتع والقران والافراد بالحج ... 1564 **نسائی** مناسک الحج اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم يسق الهدي 2813، 2814، 2815 الوقت الذی وافی فيه النبی ﷺ مكة 2870 ،2871 **ابو داود** كتاب المناسک باب فی افراد الحج 1790، 1791، 1792

**2170 :تخريج: بخاری** كتاب الجمعة باب يلبس المحرم من الثياب والدردية والرزر 1545 كتاب الحج باب التحميد والتسبيح والتكبير قبل الاهلال ... 1551 باب نحر البدن قائمة 1714 ، 1715باب رفع الصوت بالاهلال 1548 باب من بات بذی الحليفة حتى اصبح 1946، 1947 **نسائی** مناسک الحج ایُّ الشقين يشعر؟ 2773 باب سلت الدم عن البدن 2774 تقليدالهدی 2782 تقليد الهدی نعلين 2791 **ابو داود** كتاب المناسک باب فی الاشعار 1752 ، 1774 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب اشعار البدن 3097

رَكِبَ رَاحِلَتَهُ فَلَمَّا اسْتَوَتْ بِهِ عَلَى الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ بِالْحَجِّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمَعْنَى حَدِيثِ شُعْبَةَ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ إِنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلَمْ يَقُلْ صَلَّى بِهَا الظُّهْرَ [3017,3016]

الظُّهرَ بِذِی الْحُلَيْفَةِ کی بجائے) اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ لَمَّا أَتَى ذَا الْحُلَيْفَةَ کے الفاظ ہیں۔

2171 {206} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا حَسَّانَ الْأَعْرَجَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي الْهُجَيْمِ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا هَذَا الْفُتْيَا الَّتِي قَدْ تَشَغَّفَتْ أَوْ تَشَغَّبَتْ بِالنَّاسِ أَنَّ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ فَقَدْ حَلَّ فَقَالَ سُنَّةُ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنْ رَغِمْتُمْ[3018]

**2171**: قتادہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے ابوحسّان الاعرج سے سنا۔ وہ کہتے تھے بنو هُجَيم کے ایک شخص نے حضرت ابن عباسؓ سے کہا یہ کیا فتویٰ ہے جو لوگوں کو بہت پسند آیا ہے یا جس نے لوگوں میں اختلاف پیدا کر دیا ہے کہ جس نے بیت اللہ کا طواف کر لیا ہے وہ احرام کھول دے۔ انہوں نے کہا یہ تمہارے نبی ﷺ کی سنت ہے خواہ تمہیں پسند نہ ہو۔

2172 {207} و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي حَسَّانَ قَالَ قِيلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّ هَذَا الْأَمْرَ قَدْ تَفَشَّغَ بِالنَّاسِ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ فَقَدْ حَلَّ الطَّوَافُ

**2172**: ابوحسّان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت ابن عباسؓ سے کہا گیا یہ بات لوگوں میں بہت پھیل گئی ہے جو بیت اللہ کا طواف کرلے وہ احرام کھول لے۔ یہ طواف عمرہ ہے۔ انہوں نے کہا یہ تمہارے نبی ﷺ کی سنت ہے خواہ تمہیں یہ پسند نہ ہو۔

---

**2171**: **اطراف** : مسلم کتاب الحج باب تقلید الهدی و اشعاره عندالاحرام 2172، 2173

**تخریج**: بخاری کتاب المغازی باب حجة الوداع 4396

**2172**: **اطراف** : مسلم کتاب الحج باب تقلید الهدی و اشعاره عندالاحرام 2171، 2173

**تخریج**: بخاری کتاب المغازی باب حجة الوداع 4396

عُمْرَةٌ فَقَالَ سُنَّةُ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنْ رَغَمْتُمْ[3019]

2173 {208} وحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ لَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ حَاجٌّ وَلَا غَيْرُ حَاجٍّ إِلَّا حَلَّ قُلْتُ لِعَطَاءٍ مِنْ أَيْنَ يَقُولُ ذَلِكَ قَالَ مِنْ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى ثُمَّ مَحِلُّهَا إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ قَالَ قُلْتُ فَإِنَّ ذَلِكَ بَعْدَ الْمُعَرَّفِ فَقَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ هُوَ بَعْدَ الْمُعَرَّفِ وَقَبْلَهُ وَكَانَ يَأْخُذُ ذَلِكَ مِنْ أَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَمَرَهُمْ أَنْ يَحِلُّوا فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ[3020]

2173: عطاء کہتے ہیں حضرت ابن عباسؓ کہا کرتے تھے جس شخص نے (مکہ میں آکر) بیت اللہ کا طواف کرلیا خواہ اس کا ارادہ حج کا تھا یا حج کا ارادہ نہیں تھا تو وہ (طواف کے بعد) احرام کھول دے۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے عطاء سے کہا وہ (حضرت ابن عباسؓ) کس حوالہ سے ایسا کہتے تھے؟ انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے ثُمَّ مَحِلُّهَا... (الحج:34) پھر انہیں (قربانی کے مویشیوں کو) قدیم گھر تک پہنچانا ہے۔ راوی کہتے ہیں میں نے کہا یہ تو عرفات کے بعد ہے! تو انہوں نے کہا حضرت ابن عباسؓ کہا کرتے تھے یہ عرفات کے بعد ہے اور اس سے پہلے بھی، اور وہ یہ بات نبی ﷺ کے ارشاد سے اخذ کرتے تھے جب آپؐ نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر لوگوں کو حکم دیا کہ وہ (حجۃ الوداع میں) احرام کھول دیں۔

## [33]33: بَاب التَّقْصِيرِ فِي الْعُمْرَةِ

## باب: عمرہ میں بال کٹوانا

2174 {209} حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ لِي مُعَاوِيَةُ

2174: حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا مجھے حضرت معاویہؓ نے کہا کیا آپ کو علم ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے سر کے بال مروہ میں کسی کاٹنے

2173: اطراف: مسلم كتاب الحج باب تقليد الهدى واشعاره عندالاحرام 2171، 2172
تخریج: بخاری كتاب المغازى باب حجة الوداع 4396
2174: اطراف: مسلم كتاب الحج باب التقصير فى العمرة 2175 =

أَعَلِمْتَ أَنِّي قَصَّرْتُ مِنْ رَأْسِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْمَرْوَةِ بِمِشْقَصٍ فَقُلْتُ لَهُ لَا أَعْلَمُ هَذَا إِلَّا حُجَّةً عَلَيْكَ[3021]

والے آلہ سے کاٹے تھے۔ میں نے انہیں کہا میں تو اِسے تمہارے خلاف حجت سمجھتا ہوں۔

2175 {210} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ أَخْبَرَهُ قَالَ قَصَّرْتُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصٍ وَهُوَ عَلَى الْمَرْوَةِ أَوْ رَأَيْتُهُ يُقَصَّرُ عَنْهُ بِمِشْقَصٍ وَهُوَ عَلَى الْمَرْوَةِ[3022]

**2175**: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ معاویہ بن ابی سفیان نے انہیں بتایا وہ کہتے تھے کہ میں نے کاٹنے والے آلہ سے رسول اللہ ﷺ کے سر کے بال کاٹے تھے جبکہ آپؐ مروہ (پہاڑی) پر تھے یا (کہا) میں نے آپؐ کو دیکھا کہ آپؐ کے بال کاٹنے والے آلہ سے کاٹے جا رہے تھے جبکہ آپؐ مروہ (پہاڑی) پر تھے۔

2176 {211} حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا دَاوُدُ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصْرُخُ بِالْحَجِّ صُرَاخًا فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ أَمَرَنَا أَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً إِلَّا

**2176**: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (تلبیہ کی) آواز حج کے لئے بلند کرتے ہوئے نکلے جب ہم مکہ پہنچے۔ آپؐ نے ہمیں ارشاد فرمایا ہم اس کو عمرہ بنادیں۔ سوائے اس شخص کے جس کے ساتھ قربانی ہے جب یوم الترویہ☆ ہوا اور ہم منٰی کی طرف چلے تو ہم نے حج کا احرام باندھا۔

=**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب الحلق والتقصیر عندالاحلالِ 1726، 1729 ، 1730 کتاب المغازی باب حجة الوداع 4410 ، 4411 **نسائی** کتاب مناسک الحج التمتع 2737 این یقصر المعتمر؟ 2987، 2988 کیف یقصر 2989 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1802، 1803

**2176 :اطراف**:مسلم کتاب الحج باب التقصیر فی العمرة 2174

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب الحلق والتقصیر عندالاحلالِ 1726، 1729 ، 1730 کتاب المغازی باب حجة الوداع 4410 ، 4411 **نسائی** کتاب مناسک الحج التمتع 2737 این یقصر المعتمر؟ 2987، 2988 کیف یقصر 2989 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1802، 1803

**2175 :اطراف**:مسلم کتاب الحج باب التقصیر فی العمرة 2177

☆ یوم ترویہ سے مراد ذوالحجہ کی آٹھویں تاریخ ہے۔

أَنْ سَاقَ الْهَدْيَ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ وَرُحْنَا إِلَى مِنًى أَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ [3023]

2177 {212} وحَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ دَاوُدَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ جَابِرٍ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَا قَدِمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَصْرُخُ بِالْحَجِّ صُرَاخًا [3024]

2177 : حضرت جابراور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم نبی ﷺ کے ساتھ آئے اور ہم حج کے لئے بآواز بلند تلبیہ کہہ رہے تھے۔

2178 حَدَّثَنِي حَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ فَأَتَاهُ آتٍ فَقَالَ إِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَابْنَ الزُّبَيْرِ اخْتَلَفَا فِي الْمُتْعَتَيْنِ فَقَالَ جَابِرٌ فَعَلْنَاهُمَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَهَانَا عَنْهُمَا عُمَرُ فَلَمْ نَعُدْ لَهُمَا [3025]

2178:ابونضرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت جابر بن عبداللہؓ کے پاس تھا کہ ان کے پاس ایک آنے والا آیا۔ اور اس نے کہا کہ حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن زبیرؓ نے دومتعوں ☆ کے بارہ میں اختلاف کیا ہے۔ اس پر حضرت جابرؓ نے کہا ہم نے یہ دونوں رسول اللہ ﷺ کی معیت میں کئے تھے۔ پھر ہمیں ان دونوں سے حضرت عمرؓ نے منع کر دیا تو ہم نے ان کا اعادہ نہیں کیا۔

---

2177 : اطراف : مسلم كتاب الحج باب التقصير فى العمرة 2176

2178 : اطراف : مسلم كتاب الحج باب فى المتعة بالحج والعمرة 2121

☆ دومتعوں سے مراد

1: حج تمتع یعنی عمرے کے بعد حج سے پہلے احرام کھولنے کا فائدہ۔

2: حج تمتع میں عمرہ کے بعد احرام کھول کر ازدواجی تعلقات کی اجازت۔

## [34]34:بَاب إِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَدْيِهِ
## نبی ﷺ کے احرام باندھنے اور آپؐ کی قربانی کا بیان

2179 {213} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنِي سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ عَنْ مَرْوَانَ الْأَصْفَرِ عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ عَلِيًّا قَدِمَ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَ أَهْلَلْتَ فَقَالَ أَهْلَلْتُ بِإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا أَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ و حَدَّثَنِيهِ حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَا حَدَّثَنَا سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّ فِي رِوَايَةِ بَهْزٍ لَحَلَلْتُ [3027,3026]

2179: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علیؓ یمن سے آئے۔ نبی ﷺ نے انہیں فرمایا تم نے کون سا احرام باندھا ہے۔ انہوں نے کہا میں نے نبی ﷺ کے احرام جیسا احرام باندھا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اگر میرے ساتھ قربانی نہ ہوتی تو میں احرام کھول دیتا۔

ایک اور روایت میں (لَاَحْلَلْتُ کی بجائے) لَحَلَلْتُ کے الفاظ ہیں۔

2180 {214} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي إِسْحَقَ وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ وَحُمَيْدٍ أَنَّهُمْ سَمِعُوا أَنَسًا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ بِهِمَا جَمِيعًا لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَحَجًّا لَبَّيْكَ

2180: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو حج اور عمرہ دونوں کے لئے اکٹھے تلبیہ کہتے ہوئے سنا کہ؛ میں حاضر ہوں عمرہ اور حج کے لئے، میں حاضر ہوں عمرہ اور حج کے لئے۔

---

**2179 :تخریج: بخاری** کتاب الحج باب من اهل فی زمن النبی ﷺ کاهلال النبی ﷺ 1558، 1559 باب الذبح قبل الحلق 1724 باب متی یحل المعتمر 1795 **ترمذی** کتاب مناسک الحج باب ماجاء فی الرخصة للرعاء ان یرموا یومًا... 956 **نسائی** کتاب مناسک الحج کیف یفعل من اهل بالحج والعمرة ولم یسق الهدی؟ 2931

**2180 :تخریج :بخاری** کتاب الحج باب التحمید والتسبیح والتکبیر قبل الاهلال عندالرکوب علی الدابة 1551 **نسائی** کتاب مناسک الحج القران 2729، 2730، 2731 **ابو داود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1795، 1796

عُمْرَةً وَحَجًّا [3028]

2181 {215} و حَدَّثَنِيه عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي إِسْحَقَ وَحُمَيْد الطَّوِيلِ قَالَ يَحْيَى سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَحَجًّا و قَالَ حُمَيْدٌ قَالَ أَنَسٌ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجٍّ [3029]

**2181**: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی ﷺ کو کہتے سنا میں حاضر ہوں عمرہ اور حج کے لئے۔

ایک اور روایت میں (عُمْرَةً وَحَجًّا کی بجائے) بِعُمْرَةٍ وَّ حَجٍّ کے الفاظ ہیں۔

2182 {216} و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ سَعِيدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ حَنْظَلَةَ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِه لَيُهِلَّنَّ ابْنُ مَرْيَمَ بِفَجِّ الرَّوْحَاءِ حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ لَيَثْنِيَنَّهُمَا و حَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيد حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَاب بِهَذَا الْإِسْنَاد مِثْلَهُ قَالَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّد بِيَدِه و حَدَّثَنِيه حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حَنْظَلَةَ

**2182**: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی ﷺ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ضرور ابن مریم روحاء کی گھاٹی سے حج یا عمرہ کا احرام باندھیں گے یا (فرمایا) ان دونوں کا۔

ایک اور روایت میں ( وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ کی بجائے) وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ کے الفاظ ہیں۔

---

2181 : **اطراف**: **مسلم** کتاب الحج باب اهلال النبی ﷺ وهدیه 2180 باب فی الافراد والقِران والعمرة بالحج 2154
**تخریج**: **بخاری** کتاب الحج باب التحمید والتسبیح والتکبیر قبل الاهلال ... 1551 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء فی الجمع بین الحج والعمرة 821 **نسائی** کتاب مناسک الحج القران 2729 ، 2730، 2731 **ابوداود** کتاب المناسک باب فی الاقران 1795 ، 1796 ابن ماجه کتاب المناسک باب من قرن الحج والعمرة 2968 ، 2969

بْنِ عَلِيٍّ الْأَسْلَمِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمَا [3030,3031,3032]

## [35]35:بَاب بَيَانِ عَدَدِ عُمَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَمَانِهِنَّ

## نبی ﷺ کے عمروں کی تعداد اوران کے زمانہ کا بیان

2183 {217} حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ أَنَّ أَنَسًا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمَرٍ كُلُّهُنَّ فِي ذِي الْقَعْدَةِ إِلَّا الَّتِي مَعَ حَجَّتِهِ عُمْرَةً مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ أَوْ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِي ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِي ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مِنْ جِعْرَانَةَ حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ فِي ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مَعَ حَجَّتِهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسًا كَمْ حَجَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَجَّةً

**2183**:حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے چار عمرے کئے۔ وہ سب ذوالقعدہ میں تھے۔ سوائے اس کے جو آپؐ نے اپنے حج کے ساتھ کیا۔ ایک عمرہ حدیبیہ کا یا حدیبیہ کے زمانہ کا ذی القعدہ میں تھا اور ایک عمرہ اگلے سال بھی ذی قعدہ میں تھا اور ایک جعرانہ سے ذی قعدہ میں کیا جہاں آپؐ نے حنین کے اموالِ غنیمت تقسیم کئے۔ اور ایک عمرہ اپنے حج کے ساتھ۔

ایک اور روایت میں ہے قتادہ کہتے ہیں میں نے حضرت انسؓ سے پوچھا رسول اللہ ﷺ نے کتنے حج کئے؟ انہوں نے کہا آپؐ نے ایک حج اور چار عمرے کئے۔

---

**2183 :تخریج: بخاری** کتاب الحج باب کم اعتمر النبی ﷺ 1775، 1776،1777، 1778، 1779، 1780، 1781 کتاب جزاء الصیدباب لبس السلاح المحرم 1844 کتاب الصلح باب کیف یکتب ھذا ما صالح فلان بن فلان و فلان بن فلان ...2699 باب الصلح مع المشرکین 2701 کتاب الجزیة والموادعة باب المصالحة علی ثلاثة أیّام اووقت معلوم 3184 کتاب المغازی باب عمرة القضاء 4251، 4252 ، 4253، 4254، 4255 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء کم حج النبی ﷺ 815 باب ماجاء کم اعتمر النبی ﷺ 816 **ابو داود** کتاب المناسک باب العمرة 1991 ، 1992، 1993، 1994 ابن ماجه کتاب المناسک باب التمتع بالعمرة الی الحج 2978 باب العمرة فی ذی القعدة 2996 ، 2997 باب العمرة فی رجب 2998 باب کم اعتمر النبی ﷺ 3003

وَاحِدَةً وَاعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمَرٍ ثُمَّ ذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ هَدَّابٍ[3034,3033]

2184 {218} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى أَخْبَرَنَا زُهَيْرٌ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ كَمْ غَزَوْتَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَبْعَ عَشْرَةَ قَالَ وَحَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا تِسْعَ عَشْرَةَ وَأَنَّهُ حَجَّ بَعْدَ مَا هَاجَرَ حَجَّةً وَاحِدَةً حَجَّةَ الْوَدَاعِ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ وَبِمَكَّةَ أُخْرَى[3035]

**2184**: ابواسحاق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت زید بن ارقمؓ سے پوچھا آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کی معیت میں کتنے غزوات کئے؟ انہوں نے کہا سترہ[17]۔ راوی کہتے ہیں اور مجھے حضرت زید بن ارقمؓ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے انیس[19] غزوات کئے اور ہجرت کے بعد آپؐ نے صرف ایک حج (یعنی) حجۃ الوداع کیا۔ ابو اسحاق کہتے ہیں اور دوسرا مکّی دور میں۔

2185 {219} و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً يُخْبِرُ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ قَالَ كُنْتُ أَنَا وَابْنُ عُمَرَ مُسْتَنِدَيْنِ إِلَى حُجْرَةِ عَائِشَةَ وَإِنَّا

**2185**: عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ میں اور حضرت ابن عمرؓ، حضرت عائشہؓ کے حجرہ سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے اور ہم ان کے دانت صاف کرتے ہوئے مسواک کی آواز سن رہے تھے۔ راوی (عروہ بن زبیرؓ) کہتے ہیں میں نے کہا اے ابوعبدالرحمان

---

**2184 :اطراف**:**مسلم** کتاب الجهاد والسير باب عدد غزوات النبی ﷺ 3368، 3369

**تخريج: بخاری** کتاب المغازی باب غزوة العشيرة 3949 باب حجة الوداع 4404 باب کم غزا النبی ﷺ 4471 **ترمذی** کتاب الجهاد باب ماجاء فی غزوات النبی ﷺ وکم غزا 1676

**2185:تخريج: بخاری** کتاب الحج باب کم اعتمر النبی ﷺ 1775، 1776،1777، 1778، 1779، 1780، 1781 کتاب جزاء الصيدباب لبس السلاح المحرم 1844... کتاب الصلح باب کيف يکتب هذا ما صالح فلان بن فلان وفلان بن فلان ... 2699 باب الصلح مع المشرکين 2701 کتاب الجزية والموادعة باب المصالحة على ثلاثة أيّام اووقت معلوم 3184 کتاب المغازی باب عمرة القضاء 4251، 4252 ، 4253، 4254، 4255 **ترمذی** کتاب الحج باب ماجاء کم حج النبی ﷺ 815 باب ماجاء کم اعتمر النبی ﷺ 816 **ابوداود** کتاب المناسک باب العمرة 1991 ، 1992، 1993، 1994 ابن ماجه کتاب المناسک باب التمتع بالعمرة الى الحج 2978 باب العمرة فی ذی القعدة 2996 ، 2997 باب العمرة فی رجب 2998 باب کم اعتمر النبی ﷺ 3003

لَنَسْمَعُ ضَرْبَهَا بِالسِّوَاكِ تَسْتَنُّ قَالَ فَقُلْتُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَجَبٍ قَالَ نَعَمْ فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ أَيْ أُمَّتَاهُ أَلَا تَسْمَعِينَ مَا يَقُولُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَتْ وَمَا يَقُولُ قُلْتُ يَقُولُ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَجَبٍ فَقَالَتْ يَغْفِرُ اللَّهُ لِأَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ لَعَمْرِي مَا اعْتَمَرَ فِي رَجَبٍ وَمَا اعْتَمَرَ مِنْ عُمْرَةٍ إِلَّا وَإِنَّهُ لَمَعَهُ قَالَ وَابْنُ عُمَرَ يَسْمَعُ فَمَا قَالَ لَا وَلَا نَعَمْ سَكَتَ[3036]

(ابنِ عمرؓ)! نبی ﷺ نے رجب میں عمرہ کیا تھا؟ انہوں نے کہا ہاں۔ میں نے حضرت عائشہؓ سے کہا۔اے امّاں! کیا آپ نے سنانہیں جوابوعبدالرحمان کہہ رہے ہیں؟ انہوں نے کہا وہ کیا کہتے ہیں۔ میں نے کہا وہ کہتے ہیں نبی ﷺ نے رجب میں عمرہ کیا۔ انہوں نے کہا اللہ ابوعبدالرحمان کی مغفرت فرمائے۔ میری عمر کی قسم! آپؐ نے رجب میں کوئی عمرہ نہیں کیا۔اور نہ ہی کوئی عمرہ کیا مگر یہ (ابن عمرؓ) آپؐ کے ساتھ تھے۔راوی کہتے ہیں حضرت ابن عمرؓ سن رہے تھے۔انہوں نے نہ تو نہ کہا نہ ہاں بلکہ خاموش رہے۔

2186 {220} وحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْمَسْجِدَ فَإِذَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ جَالِسٌ إِلَى حُجْرَةِ عَائِشَةَ وَالنَّاسُ يُصَلُّونَ الضُّحَى فِي الْمَسْجِدِ فَسَأَلْنَاهُ عَنْ صَلَاتِهِمْ فَقَالَ بِدْعَةٌ فَقَالَ لَهُ عُرْوَةُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ كَمْ اعْتَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَرْبَعَ عُمَرٍ

2186: مجاہد سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں اور عروہ بن زبیر مسجد (نبویؐ) میں داخل ہوئے تو کیا دیکھا کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت عائشہؓ کے حجرہ کے پاس بیٹھے ہوئے ہیں اور لوگ مسجد میں چاشت کی نماز پڑھ رہے ہیں۔ہم نے ان (عبداللہ بن عمرؓ) سے ان لوگوں کی نماز کے بارہ میں پوچھا۔ وہ کہنے لگے۔ بدعت ہے۔عروہ نے ان سے کہا اے ابو عبدالرحمان! رسول اللہ ﷺ نے کتنے عمرے کئے؟

---

**2186: تخریج: بخاری** كتاب الحج باب كم اعتمر النبی ﷺ 1775، 1776،1777، 1778، 1779، 1780، 1781 كتاب جزاء الصيدباب لبس السلاح المحرم 1844... كتاب الصلح باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان وفلان بن فلان ... 2699 باب الصلح مع المشركين 2701 كتاب الجزية والموادعة باب المصالحة على ثلاثة أيّام اووقت معلوم 3184 كتاب المغازى باب عمرة القضاء 4251، 4252 ، 4253، 4254، 4255 **ترمذی** كتاب الحج باب ماجاء كم حج النبی ﷺ 815 باب ماجاء كم اعتمر النبی ﷺ 816 **ابوداود** كتاب المناسک باب العمرة 1991 ، 1992، 1993، 1994 ابن ماجه كتاب المناسک باب التمتع بالعمرة الى الحج 2978 باب العمرة فی ذی القعدة 2996 ، 2997 باب العمرة فی رجب 2998 باب كم اعتمر النبی ﷺ 3003

إِحْدَاهُنَّ فِي رَجَبٍ فَكَرِهْنَا أَنْ نُكَذِّبَهُ وَنَرُدَّ عَلَيْهِ وَسَمِعْنَا اسْتِنَانَ عَائِشَةَ فِي الْحُجْرَةِ فَقَالَ عُرْوَةُ أَلَا تَسْمَعِينَ يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ إِلَى مَا يَقُولُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ فَقَالَتْ وَمَا يَقُولُ قَالَ يَقُولُ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَ عُمَرٍ إِحْدَاهُنَّ فِي رَجَبٍ فَقَالَتْ يَرْحَمُ اللَّهُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ مَا اعْتَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا وَهُوَ مَعَهُ وَمَا اعْتَمَرَ فِي رَجَبٍ قَطُّ [3037]

انہوں نے کہا چار عمرے۔ ایک ان میں سے رجب میں تھا۔ (راوی کہتے ہیں) ہم نے ناپسند کیا کہ انہیں جھٹلائیں اور ان کی تردید کریں۔ ہم نے حضرت عائشہؓ کی حجرہ میں دانت صاف کرنے کی آواز سنی۔ عروہ نے کہا اے ام المؤمنین! کیا آپؓ سن نہیں رہیں جو ابوعبدالرحمان کہہ رہے ہیں؟ انہوں نے کہا وہ کیا کہتے ہیں؟ راوی نے کہا وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے چار عمرے کئے۔ ایک ان میں سے رجب میں تھا۔ آپؓ (حضرت عائشہؓ) نے فرمایا اللہ ابوعبدالرحمان پر رحم کرے۔ رسول اللہ ﷺ نے کوئی عمرہ نہیں کیا مگر وہ (ابن عمرؓ) آپؐ کے ساتھ تھے۔ اور آپؐ نے ہرگز کوئی عمرہ رجب میں نہیں کیا۔

## [36]36:بَاب فَضْلِ الْعُمْرَةِ فِي رَمَضَانَ

## رمضان میں عمرہ کی فضیلت کا بیان

2187 {221} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يُحَدِّثُنَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ سَمَّاهَا ابْنُ عَبَّاسٍ فَنَسِيتُ اسْمَهَا مَا مَنَعَكِ أَنْ

**2187**: عطاء کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عباسؓ سے سنا۔ انہوں نے ہم سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک انصاری عورت سے فرمایا — حضرت ابن عباسؓ نے اس کا نام بھی لیا تھا مگر میں اس کا نام بھول گیا ہوں — تمہیں کس بات نے ہمارے ساتھ حج کرنے سے روکا؟ اس نے جواب

**2187 :اطراف**:مسلم کتاب الحج باب فضل العمرة فی رمضان 2188

**تخریج**: **بخاری** کتاب الحج باب عمرة فی رمضان 1782 باب حج النساء 1863 **ابوداود** کتاب المناسک باب العمرة 1988 ، 1989 ، 1990 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب العمرة فی رمضان 2991، 2992 ، 2993 ، 2994 ، 2995

تَحُجِّي مَعَنَا قَالَتْ لَمْ يَكُنْ لَنَا إِلَّا نَاضِحَانِ فَحَجَّ أَبُو وَلَدِهَا وَابْنُهَا عَلَى نَاضِحٍ وَتَرَكَ لَنَا نَاضِحًا نَنْضِحُ عَلَيْهِ قَالَ فَإِذَا جَاءَ رَمَضَانُ فَاعْتَمِرِي فَإِنَّ عُمْرَةً فِيهِ تَعْدِلُ حَجَّةً [3038]

دیا ہمارے پاس پانی لانے والے دو ہی اونٹ ہیں۔ ایک اونٹ پر باپ بیٹا حج پر گئے اور دوسرا ہمارے لئے چھوڑا جس پر ہم پانی لاتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا جب رمضان آئے تو تم عمرہ کر لینا کیونکہ اس مہینہ میں عمرہ حج کے برابر ہے۔

2188 {222} وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا حَبِيبٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهَا أُمُّ سِنَانٍ مَا مَنَعَكِ أَنْ تَكُونِي حَجَجْتِ مَعَنَا قَالَتْ نَاضِحَانِ كَانَا لِأَبِي فُلَانٍ زَوْجِهَا حَجَّ هُوَ وَابْنُهُ عَلَى أَحَدِهِمَا وَكَانَ الْآخَرُ يَسْقِي عَلَيْهِ غُلَامُنَا قَالَ فَعُمْرَةٌ فِي رَمَضَانَ تَقْضِي حَجَّةً أَوْ حَجَّةً مَعِي [3039]

**2188**: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے انصار کی ایک عورت سے جسے ام سنانؓ کہا جاتا تھا فرمایا تمہیں ہمارے ساتھ حج کرنے سے کس بات نے روکا۔ اس نے کہا اس کے خاوند ابوفلاں کے دو پانی لانے والے اونٹ تھے۔ ان میں سے ایک پر وہ اور اس کا ایک بیٹا حج پر گئے اور دوسرے پر ہمارا خادم پانی لاتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے۔ یا فرمایا میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے۔

---

**2188 :اطراف:** **مسلم** کتاب الحج باب فضل العمرة فی رمضان 2187

**تخریج: بخاری** کتاب الحج باب عمرة فی رمضان 1782 باب حج النساء 1863 **ابو داود** کتاب المناسک باب العمرة 1988، 1989 ، 1990 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب العمرة فی رمضان 2991، 2992 ، 2993 ، 2994 ، 2995

## [37]37:بَاب اسْتِحْبَابِ دُخُولِ مَكَّةَ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا وَالْخُرُوجِ مِنْهَا مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلَى وَدُخُولِ بَلَدِهِ مِنْ طَرِيقٍ غَيْرَ الَّتِي خَرَجَ مِنْهَا

### اس بات کی پسندیدگی کا بیان کہ مکہ میں اوپر کی گھاٹی سے داخل ہو اور نچلی گھاٹی سے نکلے اور اپنے شہر میں اس راستہ کے علاوہ داخل ہو جس سے وہ نکلا تھا

2189 {223} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ مِنْ طَرِيقِ الشَّجَرَةِ وَيَدْخُلُ مِنْ طَرِيقِ الْمُعَرَّسِ وَإِذَا دَخَلَ مَكَّةَ دَخَلَ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا وَيَخْرُجُ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلَى و حَدَّثَنِيهِ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ و قَالَ فِي رِوَايَةِ زُهَيْرٍ الْعُلْيَا الَّتِي بِالْبَطْحَاءِ[3041,3040]

2189 : حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ (مدینہ سے) ''درخت'' والے راستہ سے نکلتے تھے معرّس☆ کی راہ سے داخل ہوتے تھے اور جب مکہ میں داخل ہوتے تو اوپر کی گھاٹی سے داخل ہوتے اور نچلی گھاٹی سے نکلتے۔
زُہیر نے اپنی روایت میں کہا ہے کہ وہ اوپر والی (گھاٹی) جو بطحاء میں ہے۔

---

**2189 :اطراف:مسلم** كتاب الحج باب استحباب دخول مكة من الثنية العلياء 2190 ، 2191

**تخریج: بخاری** كتاب الحج باب خروج النبیؐ علی طریق الشجرة 1533، 1535 باب من أين يدخل مكة 1575 باب من أين يخرج من مكة 1576 ،1577 ، 1578، 1579 ، 1580 **نسائی** مناسک الحج من أين يدخل مكة 2865 **ابوداود** كتاب المناسک باب دخول مكة 1868، 1869 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب دخول مكة 2940 ترمذی كتاب الحج باب ماجاء فی دخول مكة من اعلاها وخروجه من أسفلها 853

☆ معرّس مدینہ سے چھ میل پر ایک مقام ہے (نووی)

2190 {224} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا جَاءَ إِلَى مَكَّةَ دَخَلَهَا مِنْ أَعْلَاهَا وَخَرَجَ مِنْ أَسْفَلِهَا [3042]

**2190**: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب مکہ میں تشریف لائے تو اس کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے اور اس کے زیریں حصہ سے نکلے۔

2191 {225} و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ قَالَ هِشَامٌ فَكَانَ أَبِي يَدْخُلُ مِنْهُمَا كِلَيْهِمَا وَكَانَ أَبِي أَكْثَرَ مَا يَدْخُلُ مِنْ كَدَاءٍ [3043]

**2191**: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے سال کَدَاء سے یعنی مکہ کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے۔
ہشام کہتے ہیں میرے باپ دونوں طرف سے داخل ہوتے تھے اور میرے باپ اکثر کَدَاء سے داخل ہوتے تھے۔

---

**2190** :**اطراف**:**مسلم** کتاب الحج باب استحباب دخول مكة من الثنية العلياء 2189 ، 2191
**تخریج**: **بخاری** کتاب الحج باب خروج النبیؐ علی طریق الشجرة 1533، 1535 باب من أين يدخل مكة 1575 باب من أين يخرج من مكة 1576 ،1577 ، 1578، 1579 ، 1580 **نسائی** مناسک الحج من أين يدخل مكة 2865 **ابو داود** كتاب المناسک باب دخول مكة 1868، 1869 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب دخول مكة 2940 ترمذی کتاب الحج باب ماجاء فی دخول مكة من اعلاها وخروجه من أسفلها 853

**2191** :**اطراف**:**مسلم** کتاب الحج باب استحباب دخول مكة من الثنية العلياء 2189 ، 2190
**تخریج**: **بخاری** کتاب الحج باب خروج النبیؐ علی طریق الشجرة 1533، 1535 باب من أين يدخل مكة 1575 باب من أين يخرج من مكة 1576 ،1577 ، 1578، 1579 ، 1580 **نسائی** مناسک الحج من أين يدخل مكة 2865 **ابو داود** كتاب المناسک باب دخول مكة 1868، 1869 **ابن ماجه** كتاب المناسک باب دخول مكة 2940 ترمذی کتاب الحج باب ماجاء فی دخول مكة من اعلاها وخروجه من أسفلها 853

## [38]38:بَاب اسْتِحْبَابِ الْمَبِيتِ بِذِي طَوًى عِنْدَ إِرَادَةِ دُخُولِ مَكَّةَ وَالِاغْتِسَالِ لِدُخُولِهَا وَدُخُولِهَا نَهَارًا

### مکہ میں داخل ہونے کے ارادہ پر رات ذی طوی میں گزارنے اور اس میں داخل ہونے کے لئے غسل کرنے اور اس میں دن کے وقت داخل ہونے کی پسندیدگی کا بیان

2192 {226} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاتَ بِذِي طَوًى حَتَّى أَصْبَحَ ثُمَّ دَخَلَ مَكَّةَ قَالَ وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَفْعَلُ ذَلِكَ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ سَعِيدٍ حَتَّى صَلَّى الصُّبْحَ قَالَ يَحْيَى أَوْ قَالَ حَتَّى أَصْبَحَ [3044]

**2192**: نافع حضرت ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے رات ذی طویٰ میں گزاری یہانتک کہ صبح ہوگئی۔ پھر مکہ میں داخل ہوئے۔ راوی کہتے ہیں اور حضرت عبداللہؓ بھی اسی طرح کیا کرتے تھے۔ ایک اور روایت میں ہے یہانتک کہ آپ ﷺ نے صبح کی نماز ادا کی یا عبداللہ بن سعید نے کہا تھا ''یہانتک کہ صبح ہوگئی''۔

2193 {227} وحَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ لَا يَقْدَمُ مَكَّةَ إِلَّا بَاتَ بِذِي طَوًى حَتَّى يُصْبِحَ وَيَغْتَسِلَ ثُمَّ يَدْخُلُ مَكَّةَ نَهَارًا وَيَذْكُرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ فَعَلَهُ[3045]

**2193**: نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمرؓ جب بھی مکہ آتے۔ رات ذی طوی میں گزارتے یہانتک کہ صبح ہوجاتی۔ غسل کرتے۔ پھر دن کے وقت مکہ میں داخل ہوتے اور نبی ﷺ کے بارہ میں بیان کرتے کہ آپؐ نے ایسا ہی کیا تھا۔

---

**2192** :**اطراف**:**مسلم** كتاب الحج باب استحباب المبيت بذى طوى عند ارادة دخول مكة 2193، 2194

**تخريج**: **بخاری** كتاب الصلاة باب المساجد التى على طُرق المدينة والمواضع التى صلى فيها النبى ﷺ 491 كتاب الحج باب النزول بذى طوى قبل ان يدخل مكة ... 1767 باب من نزل بذى طوى اذا رجع من مكة 1769 نسائى مناسک الحج باب دخول مكة 2862 **ابو داود** كتاب المناسک باب دخول مكة 1865

**2193** :**اطراف**:**مسلم** كتاب الحج باب استحباب المبيت بذى طوى عند ارادة دخول مكة 2192، 2194 =

2194 { 228} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَقَ الْمُسَيَّبِيُّ حَدَّثَنِي أَنَسٌ يَعْنِي ابْنَ عِيَاضٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْزِلُ بِذِي طَوًى وَيَبِيتُ بِهِ حَتَّى يُصَلِّيَ الصُّبْحَ حِينَ يَقْدَمُ مَكَّةَ وَمُصَلَّى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ عَلَى أَكَمَةٍ غَلِيظَةٍ لَيْسَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي بُنِيَ ثَمَّ وَلَكِنْ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ عَلَى أَكَمَةٍ غَلِيظَةٍ [3046]

**2194**: نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہؓ نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ جب مکہ تشریف لاتے تو ذی طویٰ میں پڑاؤ کرتے اور وہاں رات بسر کرتے تھے یہانتک صبح کی نماز پڑھتے اور رسول اللہ ﷺ کے نماز پڑھنے کی جگہ سخت ٹیلہ پر ہے نہ کہ اس مسجد میں جو وہاں بنائی گئی ہے بلکہ اس کے نیچے سخت ٹیلہ پر۔

2195{229} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَقَ الْمُسَيَّبِيُّ حَدَّثَنِي أَنَسٌ يَعْنِي ابْنَ عِيَاضٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبَلَ فُرْضَتَيِ الْجَبَلِ الَّذِي بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَبَلِ الطَّوِيلِ نَحْوَ الْكَعْبَةِ يَجْعَلُ الْمَسْجِدَ

